انسائکلوپیڈیا عملیات و تعویذات

سلسلہ 1

دُعائے حلِ مشکلات

قرآنی علوم کی روشنی میں

خاندانِ شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ، علماء دیوبند و سہارنپور اور
ان کے متسبین کے عملیات و تعویذات

معمولات و عملیات

- حضرت شاہ اہل اللہؒ
- حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ
- مولانا یعقوب نانوتویؒ
- مولانا اشرف علی تھانویؒ
- مولانا مفتی عزیز الرحمٰن عثمانیؒ
- حضرت مولانا اعزاز علیؒ
- مولانا دین محمد خاںؒ
- حضرت موسیٰ [illegible] کیسریؒ
- حضرت مولانا شاہ رفیع الدینؒ
- مولانا خلیل احمد مہاجر مدنیؒ
- مولانا سید اصغر حسینؒ
- مولانا ظفر احمد عثمانیؒ
- حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ
- محمد شاہ پھلتیؒ
- علامہ انور شاہ کشمیریؒ
- حضرت شاہ مولانا عین القضاۃؒ
- حضرت سید عابد حسینؒ
- مولانا رشید احمد گنگوہیؒ
- مولانا محمد یٰسینؒ
- حضرت مولانا شاہ عبدالحقؒ
- مولانا مفتی محمد شفیعؒ
- مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوریؒ

مرتب
اعجاز احمد خاں سنگھانوی

انسائکلوپیڈیا عملیات و تعویذات

سلسلہ 1

دُعائے حلِ مشکلات

قرآنی علوم کی روشنی میں

خاندانِ شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ، علماء دیوبند و سہارنپور اور
ان کے منتسبین کے عملیات و تعویذات

معمولات و عملیات

- حضرت شاہ اہل اللہؒ
- حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ
- مولانا یعقوب نانوتوی
- مولانا اشرف علی تھانویؒ
- مولانا مفتی عزیز الرحمٰن عثمانیؒ
- حضرت مولانا اعزاز علیؒ
- مولانا دین محمد خاںؒ
- حضرت موسیٰ بہار کیسریؒ
- حضرت مولانا شاہ رفیع الدینؒ
- مولانا خلیل احمد مہاجر مدنیؒ
- مولانا سید اصغر حسینؒ
- مولانا ظفر احمد عثمانیؒ
- حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ
- محمد شاہ پھلتیؒ
- علامہ انور شاہ کشمیریؒ
- حضرت شاہ مولانا عین القضاۃؒ
- حضرت سید عابد حسینؒ
- مولانا رشید احمد گنگوہیؒ
- مولانا محمد یٰسینؒ
- حضرت مولانا شاہ عبد الحقؒ
- مولانا مفتی محمد شفیعؒ
- مولانا شاہ عبد الغنی پھولپوریؒ

مرتب
اعجاز احمد خاں سنگھانوی

انسائکلوپیڈیا عملیات و تعویذات

سلسلہ ①

دُعائے حلِّ مشکلات

قرآنی علوم کی روشنی میں

خاندانِ شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ، علماء دیوبند وسہارنپور اور
ان کے منتسبین کے عملیات وتعویذات

معمولات و عملیات

- حضرت شاہ اہل اللہؒ
- حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ
- مولانا یعقوب نانوتوی
- مولانا اشرف علی تھانویؒ
- مولانا مفتی عزیز الرحمٰن عثمانیؒ
- حضرت مولانا اعزاز علیؒ
- مولانا دین محمد خاںؒ
- حضرت موسیٰ جی ترکیسریؒ
- حضرت مولانا شاہ رفیع الدینؒ
- مولانا خلیل احمد مہاجر مدنیؒ
- مولانا سید اصغر حسینؒ
- مولانا ظفر احمد عثمانیؒ
- حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ
- محمد شاہ پھلتیؒ
- حضرت شاہ مولانا عین القضاةؒ
- حضرت سید عابد حسینؒ
- مولانا رشید احمد گنگوہیؒ
- مولانا محمد یٰسینؒ
- حضرت مولانا شاہ عبد الحقؒ
- مولانا مفتی محمد شفیعؒ
- مولانا شاہ عبد الغنی پھولپوریؒ
- علامہ انور شاہ کشمیریؒ

مرتب

اعجاز احمد خاں سنگھانوی

فرید بُک ڈپو (پرائیویٹ) لمٹیڈ
FARID BOOK DEPOT (Pvt.) Ltd.
NEW DELHI-110002

ہدایات برائے عامل

1. عامل پر لازم ہے کہ وہ نماز پنجگانہ باجماعت پابندی کے ساتھ ادا کرے اور اشراق، چاشت، اوّابین اور تہجد کی نمازوں کی ادائیگی بھی حتی الامکان کرے۔
2. حلال روزی کھائے، جھوٹ ہرگز نہ بولے۔
3. جھوٹ، چغلی، غیبت، حسد، بغض اور دیگر قلبی، عملی، زبانی گناہوں سے بچے اور اگر گناہ ہو جائے تو فوراً توبہ استغفار کرے۔
4. تعویذ اور نقش باوضو لکھے، بغیر وضو کوئی عمل نہ کرے۔ ہمیشہ باوضو رہے۔
5. خون وغیرہ سے کوئی نقش، تعویذ نہ لکھے۔
6. تعویذ اور نقش کی بابت یہ گمان کرے کہ خدا تعالیٰ کے فضل سے کام ہوتا ہے۔ تعویذ و نقش بذاتِ خود کچھ تاثیر نہیں رکھتے۔ حکم ربی ہوگا تو کام ہو جائے گا۔ اگر حکمِ ربی نہ ہوا تو کام نہیں ہو سکتا لہٰذا عامل ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے کام کرے اور اس کے فضل و احسان کی دُعا کرتا رہے۔
7. عاجزی وانکساری کو اختیار کرے، ہر قسم کے دعویٰ سے خود کو بچائے۔
8. تعویذ یا نقش لکھتے وقت یا عمل پڑھتے وقت ان شرائط کو ملحوظ رکھے جو تعویذ یا نقش یا عمل کے لئے مخصوص ہیں۔
9. کثرت سے درود شریف کا ورد رکھے اور فارغ وقت میں ذکر الٰہی میں مشغول رہے۔ بیہودہ اور فضول باتوں سے پرہیز کرے۔
10. روزانہ 11 مرتبہ سورۂ مزمّل پڑھا کرے۔ اس طرح کہ فجر، ظہر، عصر اور مغرب کی نماز کے بعد دو مرتبہ اور عشاء کی نماز کے بعد تین مرتبہ یا ایک ہی نشست میں گیارہ مرتبہ پڑھ لے اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔
11. شریعت کے خلاف کوئی کام نہ کرے۔ ☐☐

اجازت از مؤلف:- میں جملہ مسلمان مرد و عورت کو ان عملیات کی اجازت دیتا ہوں جس طرح مجھے میرے بزرگوں نے اجازت دی ہے۔ البتہ ضروری ہے کہ نماز کی پابندی کی جائے۔ سچ بولنے کی پابندی کی جائے۔ تقویٰ اور فکر آخرت پیدا کی جائے۔ حلال روزی کمانے اور کھانے کا اہتمام کیا جائے۔ والسلام

فہرست

دُعائے حلِّ مشکلات

عملیات و تعویذات سلسلہ ①

بسم اللہ الرحمن الرحیم

طریقۂ استخارہ

(۱)

جو شخص اسم باری تعالیٰ "یَا الرَّحِیْمُ" لکھ کر تکیہ کے نیچے رکھے اور پھر یہ دعا پڑھے:۔

اَللّٰهُمَّ اَرِنِیْ بِبَرَکَةِ هٰذِهِ الْاِسْمِ فِی الْمَنَامِ مَا اُرِیْدُ (اے اللہ مجھ کو خواب میں دکھلادے میرے ارادہ کے انجام کو)

اور پھر اسی جگہ تکیہ پر سر رکھ کر سو جائے۔ اللہ تعالیٰ کام کے انجام کو خواب میں دکھلادے گا اور کچھ نظر نہ آئے تو ذرا دیر میں مراد پوری ہوگی۔

(۲)

عمل برائے استخارہ

اول پندرہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ثواب حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی روح مبارک کو پہنچائے اس کے بعد گیارہ سو مرتبہ:۔

اَخْبِرْنِیْ بِحَالِیْ

پڑھ کر سو جائے لیکن یہ عمل جمعرات کے دن غسل کرکے اور خوشبو لگا کر پاک صاف کپڑے پہن کر کرے۔ عمل کے دن روزہ بھی رکھنا چاہیے۔

(۳)

عمل برائے استخارہ

اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر:۔

یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ یَا کَاشِفَ الْغَرَائِبِ

گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر بوریہ پر سو جائے۔ غسل کرنا اور کپڑے پہننا خوشبو لگانا اس میں بھی شرط ہے۔

(۴)

عمل برائے استخارہ بعد نماز عشاء دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اس کا ثواب حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ اور اپنے باپ دادا کی روح کو پہنچائے اس کے بعد سورۃ :۔

إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝
إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ ۝

پندرہ ۱۵ مرتبہ پڑھے اور :۔

يَا عَلِيمُ عَلِّمْنِي مِنَ الْحَالِ الْفُلَانِيْ

تین سو ساٹھ ۳۶۰ مرتبہ پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر دم کرکے سو جائے۔

(۵)

عمل برائے استخارہ اس نقش کو لکھ کر سر کے نیچے رکھ کر سو رہے۔ خواب میں ہر بات کا جواب ملے گا۔

۱	۸۸۳	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۸۸۲
۶	۹	۸۸۵	۳
۸۸۴	۴	۵	۱۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی

تشخیص امراض

(۱) برائے شناخت مرض اگر مرد ہے تو اس کا رات کا کرتہ یا اس کی چادر اور اگر عورت ہے تو اس کی اوڑھنی، دوپٹہ یا چادر لے کر پہلے اس کو ناپ لے اور مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر اس پر دم کرے۔

(۱) سورہ فاتحہ (الحمد شریف مکمل) تین۳ بار

(۲) آیۃ الکرسی تین بار

(۳) سورۂ صافات، ابتدا سے لازب تک ایک بار

(۴) سورۂ جن، ابتدا سے شططا تک ایک بار

(۵) تینوں قل (قل ھو اللہ احد الخ، قل اعوذ برب الفلق الخ قل اعوذ برب الناس) ایک ایک بار

(۶) قل لا املک پوری آیت یومنون تک ایک بار (سورۂ اعراف پارہ ۹)

تھوڑی دیر بعد ناپے، اگر ایک انگل گھٹے یا بڑھے تو اثر ہمزاد ہے،

اور دو انگل گھٹے یا بڑھے تو اثر شیطان ہے ۔ تین یا چار انگل بڑھے یا گھٹے تو اثر سحر ہے ۔

(۲) مرض ہے یا آسیب یا سحر معلوم کرنے کا طریقہ

مریض کا ایسا کپڑا لے جس میں اس نے رات گذاری ہو۔ پہلے اس کپڑے کو گز یا بالشت سے ناپ لے اور پیمائش ذہن میں محفوظ رکھے ۔ پھر کپڑے پر یہ عزیمت پڑھ کر دم کرے ۔

(۱) سورۂ فاتحہ تین مرتبہ
(۲) والصّافات کو "لازب" تک
(۳) سورۂ جن ابتدا سے "شَطَطَا" تک
(۴) اور معوذتین " (قل اعوذ برب الفلق ، قل اعوذ برب الناس) ایک ایک بار۔

ذرا دیر کے بعد پھر کپڑے کو ناپے، اگر کپڑا بڑھ جائے بیماری شیاطین کے اثر سے ہے اور اگر کپڑا گھٹ جائے بیماری جن یا سحر کی وجہ سے ہے اگر برابر رہا مرض جسمانی ہے ۔

(۳) مریض کا حال معلوم کرنا

اگر مریض کا حال معلوم کرنا چاہے تو یہ ترکیب کرے کہ مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر مریض پر دم کرے

(۱) الحمد شریف	سات مرتبہ	(۷ مرتبہ)
(۲) آیتہ الکرسی	سات مرتبہ	(۷ مرتبہ)

(۳) سورۂ کافرون (قل یاَیہا الکافرون) سات مرتبہ (۷ بار)
(۴) سورۂ اخلاص (قل ہو اللہ احد) سات بار (۷ بار)
(۵) سورۂ فلق (قل اعوذ برب الفلق) سات بار (۷ بار)
(۶) سورۂ ناس (قل اعوذ برب الناس) سات مرتبہ (۷ بار)

اگر مرض بڑھ جاوے آسیب ہے۔ اور اگر کم ہو جاوے تو جادو ہے اور اگر بدستور مرض رہے تو بیماری ہے ۔

(۴) مرض معلوم کرنے کا طریقہ

مریض کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بالوں تک ایک ڈورا ناپ کر سات مرتبہ سورۂ مزمل اس پر پڑھیں ۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور پڑھنے کے بعد پھر مریض کے قد سے ناپیں اگر ڈورا بڑھ جائے تو شیاطین کا اثر ہے اور اگر گھٹ جائے تو سحر ہے یا جن؛ اور اگر گھٹے بڑھے نہیں برابر رہے تو جسمانی مرض ہے ۔

(۵) برائے دریافت مرض

ایک کورا سکورا مٹی کا لے کر اس پر یہ نقش لکھے اور سات مرتبہ مریض کے چاروں طرف سات مرتبہ گھمائے پھر دہکتی آگ میں ڈالے کہ سکورا سرخ ہو جائے ۔ پھر اس کو چولہے یا آگ سے نکالے اگر حروف سفید ہو جائیں تو مریض پر سحر ہے اور اگر سرخ ہو گئے تو چڑیل کا اثر ہے اور اگر غائب ہو گئے تو آسیب پری ہے اگر حروف سیاہ ہیں تو مرض بدنی ہے ۔ نقش معظم یہ ہے ۔

۱۱ ۱۸۳ ۵ ع ۹ ح ۴ ع ۱۱۱۲ ۳۴

نقوش کے فوائد کا بیان

جاننا چاہیئے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے حروف میں عظیم تاثیرات ودلیعت رکھی ہیں۔ اسی طرح ان کے اعداد میں بھی بڑے بڑے اثرات پوشیدہ رکھے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ عاملین اکثر نقوش سے کام لیتے ہیں اور ان سے وہ محیر العقول اثرات نمایاں ہوتے ہیں کہ ان تک عقل و دماغ کی رسائی ممکن نہیں۔ نقوش میں جہاں اختصار پایا جاتا ہے وہیں انکو بعض ایسے مواقع پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ جہاں آیات قرانیہ سے کام نہیں لے سکتے۔

عاملین نے نقش کی ہر قسم کو سبعہ سیارہ کی طرف منسوب کیا ہے اور جو اثرات سبعہ سیارہ سے ظاہر ہوتے ہیں۔ انہی کا مظہر نقوش کو قرار دیا ہے۔ مثلاً نقش مربع مشتری کی طرف منسوب ہے اور مشتری سعد اکبر ہے تو اس کو انہی مواقع پر استعمال کیا جاتا ہے جو خیر و صلاح سے تعلق رکھتے ہوں اور وہی اثرات اس سے ظاہر ہوتے ہوں جو اس سے متعلق ہیں۔ اسی طرح دوسرے نقوش کو خیال کرنا چاہیئے۔ نقوش کی نسبت سبعہ سیارہ کی طرف حسب ذیل طریقہ پر ہے۔

مثلث (زحل) مربع (مشتری) مخمس (مریخ) مسدس (شمس) مسبع (زہرہ) مثمن (عطارد) متسع (قمر) معشر (دہ در دہ) فلک البروج کی طرف منسوب ہے واللہ اعلم۔

ہر سہ دھوں کی خصوصیات

ہر ماہ کا پہلا عشرہ ۔ کشائش رزق و فتوح کے تعویذات کیلئے مناسب ہے۔

ہر ماہ کا دوسرا عشرہ۔ محبت و تسخیر کے لئے مناسب ہے۔

ہر ماہ کا تیسرا عشرہ۔ عداوت و ہلاکی کے لئے مناسب ہے۔

ہفتہ کے ایام کی خصوصیات

پیر کا دن ۔ وسعت رزق، تسخیر و شفائے مریض۔

جمعرات و جمعہ۔ دوستی اور محبت و ترقی دولت۔

ہفتہ، اتوار، منگل۔ ہلاکی اعدا و دشمن وغیرہ کے لئے

اتوار۔ بدھ زبان بندی کے لئے۔

نقوش کی سطروں کا بیان

۱۔ حب کے تعویذات کی لکیریں اوپر سے نیچے کی طرف کھینچی جائینگی

۲۔ تفریق و جدائی اور دفع امراض، جن اور آسیب وغیرہ کے تعویذات میں لکیریں نیچے سے اوپر کو کھینچی جائیں گی۔

۳۔ مربع یا مثلث میں لکیریں بائیں سے دائیں طرف کو کھینچی جائیں گی۔

نوٹ: عامل کو چاہیئے کہ اگر حب کا تعویذ لکھے تو منہ میں کچھ میٹھی چیز رکھے اور اگر بعض عداوت و حسد وغیرہ کا تعویذ لکھے تو بہتر ہے کہ کچھ کڑوی چیز مثلاً نیم کے پتے وغیرہ جس سے منہ میں کڑواہٹ رہے یا اور کوئی کڑوی چیز ہو۔

موافقت و مخالفت عناصر کے بیان میں

عملیات میں مخالفت و موافقت عناصر کی خاص ضرورت رہتی ہے۔ اکثر ناکامی اس وجہ سے ہوتی ہے کہ عناصر اربعہ کا لحاظ نہیں رکھا جاتا۔ پس جاننا چاہیئے کہ جب کوئی دعا یا اسم پڑھنا مقصود ہو تو پہلے یہ معلوم کرے کہ اپنے نام اور اس عمل کے پہلے حروف میں موافقت ہے یا نہیں اگر موافقت ہو تو کامیابی ہوگی ورنہ ناکامی سے دوچار ہونا پڑے گا۔ ایسی صورت میں یا تو اپنے نام کے ساتھ کوئی اسم لگا کر اسے عمل کے موافق بنائے یا عمل کو اپنے نام کے موافق کرے مثلاً عمل آتشی ہے اور اپنا نام آبی ہے۔ مثلاً زبیر ہے۔ تو زبیر کے شروع میں محمد بڑھا کر اسے آتشی بنایا جا سکتا ہے۔

اس قاعدہ کی رعایت حُب و بغض کے معاملات میں اشد ضروری ہے۔ دیگر معاملات میں چنداں ضروری نہیں۔

نقش مثلث مساوی الاضلاع پر کرنے کا طریقہ

جس اسم یا آیت کا نقش

مثلث پر کرنا ہو اس کے اعداد لے کر مجموعہ میں سے بارہ عدد کم کر کے باقی کو تین پر تقسیم کر کے حاصل تقسیم کو پہلے خانے میں رکھ کر ہر خانہ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کرتے جائیں۔ نقش پُر ہو جائے گا۔ مثلاً حوا کا نقش پُر کرنا ہے۔ اس کے اعداد کا مجموعہ پندرہ ہے۔ لہٰذا اس میں حسب ذیل عمل کریں۔ حاصل تقسیم ایک ہوا

اسے پہلے خانہ میں لکھیں اور ہر خانے میں ایک ایک کا اضافہ کرتے چلے جائیں۔ نقش پُر ہو گیا۔ نقش حسب ذیل ہے۔

١٥
١٢
٣) ٣ (١
٣
×

۷۸۶

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

نوٹ: نقش میں جس ترتیب سے اعداد بھرے گئے ہیں یہی ترتیب اس کے خانوں کی ہے بس جس خانے میں ایک کا ہندسہ ہے وہ پہلا خانہ ہے اور جس میں ۲ ہے وہ دوسرا اس ترتیب کا لحاظ ہر قسم کے نقوش میں رکھا جائے۔ جب اعداد کی تقسیم برابر ہو جائے تب یہ صورت ہے۔ لیکن اگر تقسیم سے کچھ بچ جائے تو اگر ایک بچے اسے ساتویں خانے میں لکھو اور دو باقی رہیں تو چوتھے خانہ میں اس کا اضافہ کرو مثلاً کسی نام کے اعداد سولہ (١٦) ہیں تو اس طرح عمل ہوگا۔

١٦
١٢
٣) ٤ (١
٣
١

٦	١	٩
٨ خانہ کسرا	٥	٣
٢	١٠	٤

اس نقش کے ساتویں خانہ میں ایک کا اضافہ ہے

اور کسی نام کے ١٧ اعداد ہیں تو اس کی صورت یہ ہے:-

٧	١	٩
٨	٦	٣
٢	١٠	٥ خانہ کسرا

اس نقش کے چوتھے خانہ میں ایک کا اضافہ ہے۔

نقش مندرجہ بالا آتشی چال سے پُر ہے۔ مندرجہ ذیل نقوش سے نقش مثلث کی خاکی، بادی اور آبی چال معلوم کیجئے۔

خاکی

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

بادی

۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۶

آبی

۸	۳	۴
۱	۵	۹
۶	۷	۲

کسی اسم یا آیت وغیرہ کے اعداد نکال کر بارہ ۱۲ پر تقسیم کرے اور حاصل تقسیم کو پہلے خانے میں رکھے اور ہر خانے میں حاصل تقسیم کے مطابق عدد زیادہ کرے یعنی اگر حاصل تقسیم ایک ہے تو ہر خانہ میں ایک ایک کا اضافہ کرے اور دو ہے تو ہر خانے میں دو دو کا اور مثلاً ۶ ہے تو ۶-۶ کا اگر تقسیم سے ایک باقی رہے تو چھٹے خانے میں دو باقی رہیں تو تیسرے خانے میں ایک ایک کا اضافہ کرے اور اگر تین باقی رہیں تو ایک عدد تیسرے خانے میں اور ایک چھٹے خانے میں، چار رہیں تو ایک عدد تیسرے خانے میں اور دو چھٹے میں، پانچ رہیں تو دو تیسرے میں اور ایک چھٹے میں چھ رہیں تو دو تیسرے میں اور دو چھٹے میں سات رہیں تو دو تیسرے میں اور تین چھٹے میں آٹھ رہیں تو تین تیسرے میں اور دو چھٹے میں۔ نو رہیں تو تین تیسرے میں تین چھٹے میں، دس رہیں تو تین تیسرے میں چار چھٹے میں اور گیارہ باقی رہیں تو چار تیسرے میں اور تین چھٹے میں زائد کرے، نقش پُر ہو جائے گا۔

مثلاً اسم واجب کے ۱۲ ہیں انہیں (۱۲) بارہ پر تقسیم کیا تو حاصل تقسیم ایک ہوا۔ ۱ سے پہلے خانہ میں لکھا اور ایک ایک کا اضافہ کیا نقش پُر ہو گیا اس طرح۔

۳	۸	۱
۲	۴	۶
۷		۵

اسم حوا کے عدد ۱۵ ہیں انھیں ۱۲ پر تقسیم کیا حاصل تقسیم ایک ہوا۔ اور تین باقی رہے تو ایک ایک کا اضافہ تیسرے اور چھٹے خانہ میں کیا گیا اس طرح۔

۴	۱۰	۱
۲	۵	۸
۹		۶

کسی اسم کے اعداد مثلاً ۴۸ ہیں انہیں بارہ پر تقسیم تو حاصل تقسیم چار ہوئے، انہیں پہلے خانے میں لکھ کر ہر خانے میں چار چار کا اضافہ کرینگے اس لئے کہ حاصل تقسیم کے مطابق اضافہ کیا جاتا ہے۔ نقش اس طرح پُر ہو گا۔

		۴

مختلف نقوش پُر کرنے کا طریقہ

مثلث جس قدر اعداد ہوں ان میں سے ۱۲ تفریق کر کے باقی کو تین سے تقسیم کریں خارج قسمت کو لے کر خانہ بھرنا شروع کریں۔

نوٹ :۔ اگر ایک باقی ہو تو خانہ ۷ میں دو باقی ہوں تو خانہ ۷،۴ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کریں۔

آتشی

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

بادی

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

آبی

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

خاکی

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

مربع جس قدر اعداد ہوں ان میں سے تیس (۳۰) تفریق کر کے باقی کو چار (۴) پر تقسیم کریں خارج قسمت سے نقش بھرنا شروع کریں اگر کسر ایک ہو تو خانہ ۱۳ میں دو ہو تو خانہ ۹ میں ۳ ہو تو خانہ ۵ میں ایک ایک کا اضافہ کریں۔

آتشی

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

بادی

۴	۹	۷	۱۴
۱۵	۶	۱۲	۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۵	۱۶	۲	۱۱

خاکی

۱۰	۵	۴	۱۵
۳	۱۶	۹	۶
۱۳	۲	۷	۱۲
۸	۱۱	۱۴	۱

آبی

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۴

مخمس جس قدر اعداد ہوں ان میں سے ساٹھ تفریق کر کے باقی کو پانچ پر تقسیم کریں اگر کسر ایک ہو تو خانہ ۲۱ میں۔ ۲ ہو تو خانہ ۱۶ میں تین ہو تو خانہ ۱۱ میں چار خانہ ۶ میں ایک کا اضافہ کریں۔

۹	۲۱	۱۳	۵	۱۷
۳	۲۰	۷	۲۴	۱۱
۲۲	۱۴	۱	۱۸	۱۰
۱۶	۸	۲۵	۱۲	۴
۱۵	۲	۱۹	۶	۲۳

ہفت در ہفت جس قدر اعداد ہوں ان میں سے ۱۶۸ تفریق کر کے باقی کو ۷ پر تقسیم کریں اگر کسر ایک ہو تو خانہ ۴۳ میں۔ ۲ ہو تو خانہ ۳۶ میں تین ہو تو خانہ ۲۹ میں۔ ۴ ہو تو خانہ ۲۲ میں۔ پانچ ہو تو خانہ ۱۵ میں چھ ہو تو خانہ ۸ میں ایک کا اضافہ کریں۔

۳۲	۳۸	۴۴	۱	۱۴	۲۰	۲۶
۴۰	۴۶	۳	۹	۱۵	۲۸	۳۴
۴۸	۵	۱۱	۱۷	۲۳	۲۹	۴۲
۷	۱۳	۱۹	۲۵	۳۱	۳۷	۴۳
۸	۲۱	۲۷	۳۳	۳۹	۴۵	۲
۱۶	۲۲	۳۵	۴۱	۴۷	۴	۱۰
۲۴	۳۰	۳۶	۴۹	۶	۱۲	۱۸

قاعدہ مثلث خالی القلب

جس قدر اعداد ہوں ان کو ۱۲ پر تقسیم کریں اور خارج قسمت کو لے کر خانہ اوّل سے بھرنا شروع کریں۔ دوسرے خانہ میں اوّل سے دوگنا، تیسرے خانہ میں اوّل سے تگنا۔ ساٹھ کو جمع کر کے چوتھے خانہ کی میزان میں پھر ساٹھ کو جمع کریں۔ پانچویں بھی اسی طرح کریں۔ اسی طرح نقش بھرتے چلے جائیں۔ اگر کچھ باقی رہے تو خارج قسمت کو جمع کرنے کے بعد باقی کو میزان میں جمع کریں اور خانہ چھ میں بھریے اس میزان میں خارج قسمت کو جمع کر کے خانہ سات میں بھریں۔ اسی طرح خانہ ۸ میں اور ۹ کو مثلاً محمّد کے اعداد ۹۲ ہیں بارہ سے تقسیم کرنے پر خارج قسمت سات آیا اور باقی آٹھ۔ پس اول خانہ میں ۷ لکھیں دوسرے میں چودہ، تیسرے میں اکیس، چوتھے میں اٹھائیس پانچویں میں پینتیس، چھٹے میں بیالیس (باقی آٹھ چھٹے خانے میں جمع کئے تو پچاسی ہوئے) لہٰذا چھٹے خانے میں ۸۵ ساتویں میں ۵۷ آٹھویں میں ۶۴ اور خالی خانہ میں بقیہ۔

استخارہ

(۱)

جو شخص اسم باری تعالےٰ اَلرَّحِیْمُ کو لکھ کر تکیہ کے نیچے رکھے اور پھر یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ بِبَرَکَۃِ ھٰذِہِ الْاِسْمِ فِی الْمَنَامِ مَا اُرِیْدُ۔ ترجمہ اے اللہ مجھ کو خواب میں دکھلا دے میرے ارادے کے انجام کو۔ پھر اسی جگہ

تکیہ پر سر رکھ کر سو جائے۔ اللہ تعالےٰ کام کے انجام کو خواب میں دکھلا دے گا۔ اور اگر کچھ نظر نہ آئے تو ذرا دیر میں مراد پوری ہوگی۔

(۲)

اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر یا بدیع العجائب یا کاشف الغرائب گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر بوریہ پر سو جائے۔ غسل کرنا، پاک کپڑے پہننا اور خوشبو لگانا اس میں بھی شرط ہے۔

(۳)

ذیل کے نقش کو لکھ کر سر کے نیچے رکھ کر سو رہے۔ خواب میں انشاء اللہ تعالےٰ ہر بات کا جواب ملے گا۔

۱	۸۸۳	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۸۸۲
۶	۹	۸۸۵	۳
۸۸۴	۴	۵	۱۰

(۴)

بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات کو برابر نماز عشاء کے بعد سب کاموں سے فارغ ہو کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تین سو مرتبہ پڑھ کر سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ معہ بسم اللہ شریف سترہ مرتبہ پڑھے اور اپنے منہ اور سینہ پر دم کرے اور خداوند تعالیٰ سے دعا کرے کہ اے اللہ فلاں امر میں جو ہونے والا ہے وہ مجھ کو خواب میں یا غنودگی میں کسی آواز دینے والے کی آواز سے معلوم کرادے اس کے بعد یہ درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بعدَ دِمَغلُومٍ لَکَ انشاء اللہ العزیز تین راتوں میں مقصد حاصل ہوجائیگا۔

(۵)

وضو کر کے پاک کپڑے پہنے اور قبلہ رو داہنی کروٹ پر لیٹ کر سورۃ وَالشَّمْسِ سات مرتبہ اور سورۃ وَاللَّیْلِ سات دفعہ اور قُلْ ھُوَ اللہُ اَحَدٌ سات دفعہ پڑھے۔ اس کے بعد عاجزی سے کہے کہ اے اللہ مجھ کو میرے خواب میں وہ چیز دکھادے اور اس کام کے سرانجام ہونے کی تدبیر میرے دل میں ڈال دے۔ انشاء اللہ اسی رات معلوم ہوجائے گا۔ ورنہ ساتویں رات تک انشاء اللہ ضرور معلوم ہوجائے۔

(۶)

جس کسی کو دلی بات دیکھنی منظور ہو تو چاہیے کہ اس نقش کو لکھ کر سرہانے رکھ کر سوجائے اور اس دعا کو پڑھ کر سو رہے انشاء اللہ خواب میں صحیح بات دیکھے گا۔ دعا یہ ہے اَللّٰھُمَّ رَبَّ اِبْرَاھِیْمَ وَمُوْسٰی وَرَبَّ اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَرَبَّ جِبْرَائِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَمُنَزِّلَ التَّوْرَاۃِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِیْمِ اَرِنِیْ فِی الْمَنَامِ۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ا	ل	ا	ص
ل	م	ص	ا
ا	ص	ا	ل
ص	ا	ل	م

مریض یا مفرور کا حال معلوم کرنا

جب ارادہ ہو کہ کسی مریض یا مفرور کا حال دریافت کریں تو پہلے یہ معلوم کریں کہ مریض کس روز سے بیمار ہوا ہے یا غائب ہے۔ کس روز سفر کیا ہے اس روز سے سائل کے سوال تک جمع کرے اور اس کا نام بمعہ والدہ کے اعداد کو جمع کرے اور ماہ قمری کی جتنی تاریخیں گذری ہوں ان کو جمع کرے اور بیس ان پر زیادہ کرے اور تیس پر تقسیم کرے اور جو باقی بچا اس سے حال دریافت کرے۔

لوح حیات

۱	۲	۳	۴	۵
۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵

لوح ممات

۶	۷	۸	۹	۱۰
۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰
۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۰

چور کی شناخت

(۱)

مرغی کا انڈا لے کر اس پر سورہ ملک شروع سے لے کر حسیبؔ تک لکھے اور روغن سے تر کر کے لڑکے کو دے دے اور کہے کہ اس انڈے کو دیکھتا رہے اور خود سورۃ یٰسین شریف پڑھے۔ پھر دریافت کرے چور کا سارا حال بتادے گا۔

(۲)

جو کی روٹی پر یہ نقش لکھ کر سب کو کھلائیں جو چور ہو گا اس سے روٹی نہ کھائی جا سکے گی۔

۷۸۶

۱۷۷۸	۱۷۷۳	۱۷۸۰
۱۷۷۹	۱۷۷۷	۱۷۷۵
۱۷۷۴	۱۷۸۱	۱۷۷۶

(۳)

یہ اسمار لکھ کر کلام مجید کے درمیان رکھیں چور کے پیٹ میں درد ہو گا جب تک چیز نہ دے گا درد زائل نہ ہو گا۔

یاثمخیثا یاثمخیثا اھیا اشراھیا ثمخیثا ہ

(۴)

قند سیاہ کہنہ پر یہ عزیمت ستر (۷۰) مرتبہ پڑھکر دم کریں اور تھوڑا تھوڑا گھر کے جتنے مرد و عورت ہوں سب کو کھلائیں۔ چور کے پیٹ میں درد ہو گا اور سب مطلع ہو جائیں گے۔ عزیمت یہ ہے:-


بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا اَرْدُوْنَ جِنَّ صَاحِبِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ

(۵)

ذیل کی عبارت کو پینتالیس ہزار بار بے پرہیز پڑھ کر عمل میں لاوے بوقت ضرورت اس نقش کو لوہے کے ٹکڑے پر لکھے یا کھدوا کر رکھ لے اور اس عبارت کو سات دفعہ پڑھ کر اس پر دم کر کے پانی کے طشت میں

ڈالے اور جن جن پر شبہ ہو اُن کے نام ٹھیکریوں پر لکھ کر اور ایک ٹھیکری پر یہ لکھ کر "کسے دزد نیست" اسی طشت میں ڈال دے۔ چور کے نام کا ٹھیکرا باہر نکل کر جا پڑے گا۔

نقش یہ ہے۔



عبارت یہ ہے:- ہزار در ہزار گرد آہنیں حصار حصار در حصار ابرسا صبرسا سارسا گرد ایں حصار ساسافعی قلافہ ادام امرہا امرہا کہکلا کہکلا او لم یر دو لم یو برحمتک یا ارحم الراحمین۔

نوٹ:- اس کی بنا پر کسی کو چور سمجھ لینا حرام ہے۔ ہاں بدون بدگمانی کے سراغ رسانی کا مضائقہ نہیں۔

(۶)

جن لوگوں پر چوری کا شبہ ہو ان کے نام علیحدہ علیحدہ کاغذ پر لکھ کر گیہوں کے آٹے میں گولی بنالیں اور ایک طشت پانی سے بھر لیں اور اس کے بعد آیۃ الکرسی اور چاروں قل ایک مرتبہ پڑھ کر ان گولیوں کو پانی میں ڈالیں چور کے نام کی گولی اوپر آجائے گی اور باقی گولیاں غرق ہو جائیں گی۔

نوٹ:- حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے القول الجمیل میں فرمایا ہے کہ اس قسم کے اعمال پر یقین کا درجہ نہ رکھے۔ اور خواہ مخواہ متہم شخص سے نہ اُلجھے اگرچہ اس کا نام بھی عمل میں نکل آئے۔ اس لئے کہ معاملہ حقوق العباد کا ہے اور

یہ اعمال ظنی ہیں قطعی اور یقینی نہیں۔

(٧)


جس شخص کی کوئی چیز کھوئی جائے تو یہ عمل کرے۔ یَا حَفِیْظُ ایکسو انیس ١١٩ مرتبہ پڑھے، بدون زیاتی اور کمی کے۔ پھر یہ آیت ایک سو انیس ١١٩ مرتبہ پڑھے یَا بُنَیَّ اِنَّھَا اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ط گم شدہ چیز انشاء اللہ مل جائیگی۔

گمشدہ و مفرور کی واپسی

(١)

برائے حاضری مفرور۔ اتوار کے روز یہ نقش لکھ کر چرخے میں باندھے اور سات مرتبہ الٹا گھمادے۔ مفرور جلد آجائے گا۔ انشاء اللہ


٧٨٦



(٢)

اس گردنامہ کو لکھ کر درخت میں ایسے طور سے لٹکائے کہ ہوا سے ہلے۔ انشاء اللہ جلد واپس آئے گا۔

٧٨٦




(٣)

اس طلسم کو لکھ کر چرخے میں باندھے اور الٹا گھمادے مفرور جلد حاضر ہوگا۔ انشاء اللہ

ک ا ط ا م وس ٨ ١٦ ١٣ ع ھ ہم ا د د ہم ا و د ٣ ٥٩٤ × ع ١١ ع ٢ ١ ا ر

(٤)

غائب اور مفرور کے لئے اس نقش کو بھاری وزن کے نیچے دبائے یا کسی درخت پر لٹکادے کہ ہلتا رہے یا چرخے میں باندھ کر الٹا گھمائے انشاء اللہ جلد کامیابی ہوگی۔



(٥)

برائے مفرور و شئے گمشدہ سورۂ والضحیٰ کا اکتالیس بار پڑھنا مجرب ہے اور بھاگے ہوئے کو واپس لانے کیلئے سورۂ والضحیٰ لکھے اس طریقہ سے کہ وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدٰى ط کے بعد اس بھاگے ہوئے کا نام لکھے، اسکے بعد تمام سورۃ لکھے اور نوشتہ کو قرآن شریف میں رکھ دے مجرب ہے۔

(٦)

اس گردنامہ کو لکھ کر کوری ہنڈیا میں رکھے اسی وقت بھاگا ہوا واپس آئے گا۔ انشاء اللہ۔

ک ا ع د ا ع ا ع

مکان کیلنا

(۱)

چار کیا دن پر پچیس پچیس بار اِنَّهُمْ یَكِیْدُوْنَ كَیْدًا وَّاَكِیْدُ كَیْدًا ۔ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِیْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَیْدًا ۔ پڑھ کر دم کرے اور مکان کے چاروں کونوں میں گاڑ دے ۔

(۲)

جس مکان میں آسیب، جن وغیرہ کا اثر ہو۔ اس کے کیلنے کا مجرب طریقہ یہ ہے کہ چار کیلیں لے کر ہر کیل پر سورہ شفا ۔ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا یَّغْشٰى طَآىٕفَةً مِّنْكُمْ وَ طَآىٕفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ یَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِیَّةِ ط یَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ ط قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ط یُخْفُوْنَ فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا یُبْدُوْنَ لَكَ ط یَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ط قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ج وَ لِیَبْتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِیْ صُدُوْرِكُمْ وَ لِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِكُمْ ط وَ اللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ سات سات بار پڑھ کر دم کر کے مکان کے چاروں گوشوں میں گاڑ دیں ۔

(۳)

دفع جن کے واسطے یہ عمل کرے کہ اصحاب کہف کے نام گھر کی دیواروں پر لکھے ۔ وہ نام یہ ہیں :

یملیخا ۔ مکسلمینا ۔ مسیثنا ۔ مرنوس ۔ بزنوش ۔ شاذنوش ۔ مرطونس ۔ قطمیر ۔

ف :۔ اصحاب کہف کی تعداد اور ناموں اور مسکن میں اختلاف مورخین و مفسرین کا بہت ہے یہ نام موافق تحقیق صاحب تفسیر حسینی کے جو بروایت امیر المومنین حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ ہے ۔ لکھے ہیں ۔

(۴)

آسیب وغیرہ دور ہونے کے واسطے پاک پانی پر سورہ فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور یہ پانچ آیتیں اول سورہ جن کی پڑھے ۔ قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْۤا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا یَّهْدِیْۤ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ وَ لَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَاۤ اَحَدًا وَّ اَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّ لَا وَلَدًا وَّ اَنَّهٗ كَانَ یَقُوْلُ سَفِیْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا وَّ اَنَّا ظَنَنَّاۤ اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَ الْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ط

اور اسی پانی کا چھینٹا مارے فوراً انشاء اللہ العزیز ہوش میں آجائے گا اور جب کسی مکان میں جن معلوم ہو تو اسی پانی سے اس مکان میں چاروں طرف چھینٹے مارے تو وہاں جن پھر نہ آئے گا ۔

برائے دفع آسیب و جن

(۱)

اگر کسی کو ارواح خبیثہ یا جن ستاتے ہوں تو مریض کے پھٹے ہوئے پرانے کپڑے پر یہ نقش تحریر کریں اور تین مرتبہ مریض کے سر سے پاؤں تک اتار کر جلا دیں ۔ بحکم خدا تعالیٰ خبیث روح جل کر خاکستر ہوگی ۔ نقش یہ ہے ۔

۷۸۶


۷۹۳	۷۸۶	۷۹۱
۷۸۸	۷۹۰	۷۹۲
۷۸۹	۷۹۴	۷۸۷

انه من سلیمان وانه بسم الله الرحمٰن الرحیم

سوختم سوختم سوختم

(۲)

ذیل کا نقش لکھ کر ایک دائیں بازو میں باندھے اور گلے میں۔
انشاء اللہ آسیب کا دخل پھر جسم میں نہ ہوگا۔



(۳)

فتیلہ برائے آسیب وغیرہ ناک میں دھواں پہنچائے۔ فتیلہ یہ ہے۔

۳	۸	۱
۲	۴	۶
۵	اجب یا دردائیل بحق بدوح زودے زود بیار	۷


(۴)

یہ فتیلہ حضرت شیخ عبدالاحد سرہندی قدس سرہٗ کا ہے۔ فتیلہ لکھ کر اس پر روئی لپیٹے اور مریض کے سامنے بعد نماز عشاء کڑوے تیل میں کورے چراغ میں جلائے۔ مریض کو وضو کرا کے مصلّہ پر بٹھایا جائے۔ فتیلہ یہ ہے۔

۱۳	۳	۲	۱۶
۸	۱۰	۱۱	۵
۱۲	۶	۷	۹
۱	۱۵	۱۴	۴

(۵)

فتیلہ برائے بھوت و آسیب وغیرہ۔ کڑوے تیل میں کورے چراغ میں آسیب زدہ کے سامنے روشن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا۔



(۶)

اس نقش کا فتیلہ بنا کر تیسرے روز ایک ایک فتیلہ سرسوں کے دانے نقش میں بھر کر اور روئی لپیٹ کر سرسوں کے تیل میں جلا کر اس کا دھواں آسیب زدہ کے کان ناک منہ اور تمام بدن میں پہنچائے اور مریض کے اوپر لحاف ڈھانک دیں اور آٹھ کے ہندسہ کی طرف سے جلانا شروع کردیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

فرعون قارون ہامان شداد نمرود ابلیس
علیہم اللعن واتباع ایشاں اگر نہ گریزند سوختہ شوند

(۷)

اس دعا کو پیپل کے پتر پر لکھ کر تین روز تک آسیب زدہ کو چٹائے نیز چالیس روز تک کاغذ پر مشک و زعفران سے لکھ کر ایک تعویذ روز مریض کو دھو کر پلائے۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ يَا حَيُّ

(۸)

برائے دفع آسیب و مرض، مسان و سحر وغیرہ یہ نقش دعائے سیفی لکھ کر اور اس نقش میں گیارہ عدد لونگ رکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں دھاگا نیلا استعمال کریں نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۸۶۰۶	۱۲۸۶۰۹	۱۲۸۶۱۲	۱۲۸۵۹۸
۱۲۸۶۱۱	۱۲۸۵۹۹	۱۲۸۶۰۵	۱۲۸۶۱۰
۱۲۸۶۰۰	۱۲۸۶۱۴	۱۲۸۶۰۷	۱۲۸۶۰۴
۱۲۸۶۰۸	۱۲۸۶۰۳	۱۲۸۶۰۱	۱۲۸۶۱۳

(۹)

جملہ آفات سے حفاظت کے لئے یہ نقش سورۂ جن لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ بچہ تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۷۸۲۲	۷۸۱۷	۷۸۲۴
۷۸۲۳	۷۸۲۱	۷۸۱۹
۷۸۱۸	۷۸۲۵	۷۸۲۰

(۱۰)

یہ نقش آسیب زدہ کے لئے بے حد مجرب ہے۔ یہ آیۃ الکرسی کا نقش ہے گلے میں باندھے یا بازو میں باندھے۔ برائے حب الزوجین بھی یہ نقش مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھا جائے۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ   بسم اللہ

۳۶۱۶	۳۵۱۹	۳۵۲۲	۳۵۰۹
۳۵۲۱	۳۵۱۰	۳۵۱۵	۳۵۲۰
۳۵۱۱	۳۵۲۴	۳۵۱۷	۳۵۱۴
۳۵۱۸	۳۵۱۳	۳۵۱۲	۳۵۲۳

فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ

الٰہی بحرمتہ ہذا النقش فلاں ابن فلاں۔ را از آسیب و بھوت محفوظ دار

(۱۱)

جن کے بچے اکثر تلف ہو جاتے ہوں ۔ یہ تعویذ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے بارہ سال تک گلے میں رہے اور اس نقش کو ایام حمل میں حاملہ کو بندھوائے اور بعد ولادت بچے کے گلے میں ڈالا جائے اور ہمیشہ جمعرات کو شیرینی بچوں کو تقسیم کی جائے ۔

یَا فَتَّاحُ (۷ مرتبہ) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (۷ مرتبہ) بحرمۃ یملیخا . مکسلمینا کشفوطط تبیونس کشا فطیونس خطیونس یوانس بوس اسم کلبھم قطمیر از ہر بلا نگہدار ۔ اس تعویذ کو سات ٹکڑے کاغذ میں لکھے ۔ یکے بعد دیگرے لپیٹ دے اور اس کے بعد سات ٹکڑے کپڑے میں لپیٹ دے ۔ بعدہٗ موم جامہ میں لپیٹ کر چمڑے میں سلوا کر گلے میں ڈالے مگر ہر سال کے شروع مہینے میں یعنی محرم کی پہلی تاریخ کو ایک روپیہ اللہ واسطے صدقہ دے بارہ سال تک یہ عمل جاری رہے ۔

(۱۲)

برائے دفع مسان طفل ۔ ایک کلھیا مٹی کی جدید لے کر اس میں تین مٹھی ارد اور تین عدد میخ آہنی ڈال کر اور نقش لکھ کر اس میں رکھے اور ایک تعویذ بچے کے گلے میں باندھے اور اس کلھیا کو سات بار بچے کے اوپر کو اتار کر دفن کر دے ۔ تعویذ یہ ہے ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحفیظ (سات مرتبہ) الرقیب (سات مرتبہ) اَللّٰھُمَّ بِالْوَاحِدِ الصَّادِقِ مِنْ شَرِّ کُلِّ طَارِقٍ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَ

اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ بحرمۃ حاجی محمد شاکر قدس سرہٗ مسان طفل دفع شود ۔

ف :- بغرض استغاثہ و استعانت نام استعمال کرنا جائز نہیں ہے ۔ یہاں اس غرض سے حاجی محمد شاکر کا نام استعمال نہیں ہوا ہے بلکہ محض توسل کے لئے ہے ۔

(۱۳)


برائے دفع مسان ۔ یہ نقش لکھیں اور سات سوئی پختہ بلا ناکہ (سوراخ والی نہ ہو) تعویذ میں لپیٹ کر اور تعویذ تانبہ یا رانگ کے سوا اور کسی دوسری دھات کا نہ ہو اور سوئی مثل درزی کی سوئی کے ہوں ۔ تیار کریں اور قبل تعویذ باندھنے کے ایک روپیہ کا تیل مساجد میں پہنچائیں ۔

۱؎ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ہ


۲؎ الٰہی بحرمۃ سورۃ المدثر ۳؎ الٰہی بحرمۃ یا ایھا المزمل قم اللیل الا قلیلا ۴؎ الٰہی بحرمۃ سورہ لیٰسین (۵) الٰہی بحرمۃ اذا الشمس کورت ط
۶؎ الٰہی بحرمت والشمس وضحٰھا ط ۷؎ الٰہی بحرمۃ والضحٰی واللیل اذا سجٰی ط
۸؎ الٰہی بحرمۃ سورۃ الم نشرح لک صدرک ط (۹) الٰہی بحرمۃ قل یا ایھا الکا- فرون
۱۰؎ الٰہی بحرمۃ ایں آیاتہا کہ از ہفت قسم مسان و مافی درد جود فلاں (یہاں مریض کا نام معہ والدہ کے نام کے لکھیں)
بلا دفع گردد و بحرمۃ النبی وآلہ الامجاد یا رب العباد ۔

(۱۴)

برائے دفع مسان ۔ اس نقش کو آٹے کے دھووں میں دھو کر گرم توے میں ڈال کر اس کی دھونی والدہ اور بچہ دونوں کو دیں ۔ نقش یہ ہے ۔



اس نقش ذیل کو دھو کر بچہ اور اس کی والدہ دونوں کو پلائیں ۔



فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ

(۱۵)

دفع مسان کا گنڈہ ۔ اکتالیس نیلے تار ڈیڑھ گز لمبے لے کر اس پر اکتالیس بار سورۂ شفاء پڑھ کر دم کریں اور ۳ ماہ حمل سے عورت کی ناف پر بندھوا دیں اور بعد ولادت بچے کے گلے میں ڈلوا دیں ۔ اور یہ نقش قل ھو اللہ کا لکھ کر عورت کے گلے میں ڈلوا دیں ۔ شرط یہ ہے کہ سات سوئیاں بلا ناکہ تعویذ میں بھر کر وہ اس طرح اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا تک سات بار پڑھ کر سوئیوں پر پھونکے اور تانبے کے تعویذ میں رکھ کر اوپر موم لگا دیں اور بعد ولادت دوسرا یہی نقش اسی طرح کر کے بچے کے گلے میں ڈلوا دیں معمول مجرب ہے ۔

نقش یہ ہے :-

قل	هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد
هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم
الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد
احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	له
لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	له	کفوا
یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	له	کفوا	احد

ف :- پرہیزات مسان :- مسان میں ان چیزوں سے پرہیز ضروری ہے ۔ مولی ۔ گاجر ۔ بینگن ۔ دال مسور ۔ چاول ۔ دال ماش ۔ دودھ ۔ دہی ۔ کچی مٹھائی ۔ پکوان تیل ۔ سب گوشت سوائے بکرے کے ۔ اغیار کے گھر کی کھیر اور دودھ ۔ زچگی میں نہ جائے ۔ موتا میں نہ جائے ۔

(۱۶)

فتیلہ برائے آسیب زدہ ۔ ناک میں دھونی دی جائے ۔


فرعون بے عون ھامان شرمار

عاد ثمود نمرود ابلیس کلھم فی النار

اگر نہ گریزند سوختہ شوند

(۱۷)

برائے دفع مسان ۔ ہر روز کاغذ کے پرچہ پر لکھ کر پلائیے



(۱۸)

وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ پوری اکتالیس بار پڑھ کر ۴۱ گرہ دیوے (دھاگے کا تار نیلا ہو) اور عورت کے پیٹ پر باندھے۔ بعد ولادت بچہ کے گلے میں باندھے اور گنڈہ کے تار اکتالیس ہونے چاہئیں۔

دفع سحر کے لئے

(۱)

جادو سے شفا کے لئے کھانے کے نمک کو پیس کر اس پر باوضو مندرجہ ذیل آیت ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھ کر پھونکئے اور کھانے میں صرف یہی نمک ملا کر دیا کیجئے۔ چالیس دن تک متواتر ایسا ہی کھانا کھلایا کریں جس میں یہی نمک ڈالا گیا ہو۔ اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ یا تو اس کا کھانا علیحدہ پکایا جائے اور اس میں یہ نمک ڈالا جایا کرے یا گھر میں جو سالن پکتا ہے اس میں ابتداء سے نمک نہ ڈالا جایا کرے۔ جب پک جائے تو مریض کے لئے کھانا علیحدہ نکال کر پڑھا ہوا نمک ملا دیں اور گھر کے کھانے میں بے پڑھا ہوا نمک حسب عادت ڈالا جائے۔ آیت حسب ذیل ہے۔

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِي اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۔

(۲)

رد سحر یا آسیب کے لئے سفید مرغ کو باوضو ذبح کر کے اس کے

تازہ خون سے ایک کاغذ پر (جادو برسر جادوگر) لکھ کر جہاں وہ مریض سویا کرتا ہے اس کاغذ کو چھت پر لٹکا دیں۔ اس طرح کہ کاغذ مریض کے سینہ کے مقابل رہے۔

(۳)

دیسی روشنائی سے مندرجہ ذیل اکتالیس نقش باوضو لکھئے۔ نقوش کی خانہ پری ترتیب وار ہوگی یعنی خانوں کے خطوط کھینچنے کے بعد بسم اللہ کا عدد (۷۸۶) اوپر لکھنے کے بعد سب سے چھوٹا عدد (۲۱۵۶۲) اس کے خانہ میں سب سے پہلے اس کے بعد اس کے بعد والا عدد اور پھر اسی ترتیب سے اپنے اپنے خانوں میں درج کریں۔

۷۸۶

۲۱۵۶۷	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۹
۲۱۵۶۸	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۴
۲۱۵۶۳	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۵

ان نقوش میں سے ایک نقش موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں پہنا دیجئے اور باقی ماندہ کو روزانہ نہار منہ تازہ پانی میں دھو کر پلا دیا کیجئے۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

(۴)

جاری پانی (دریا یا نہر) یا سات کنوؤں کا پانی ایک گھڑا بھر کر اس پر

پھونکیں۔ اور مریض کو اس پانی سے تین گھونٹ پلائیں اور باقی ماندہ پانی سے
سر پر پانی ڈال کر نہلائیں۔ بلاناغہ چالیس دن تک یہی عمل کریں۔ آیات یہ ہیں

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ
لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ فَوَ
قَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ط فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ
وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ
اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ٥

یہ عمل اتوار کے دن سے شروع کیا جائے جاڑے میں دوپہر کو نہلایا جائے۔

(۵)

جس پر سحر یا جادو کا اثر ہو تو اس عزیمت کو کسی چینی کی پلیٹ پر زعفران
سے لکھ کر اکتالیس روز نہار منہ صبح کو پلادیں۔ انشاء اللہ سحر اتر جائے گا۔
اگر مریض باہر کا ہو تو اکتالیس نقش لکھ کر بھیجدیں۔ اگر سورۂ فاتحہ بھی لکھ دیں
تو زیادہ مناسب ہے۔ عزیمت یہ ہے۔

یَا اللّٰهُ یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَبَقَآئِهٖ یَا حَیُّ ط

برائے حاجت روائی

(۱)

یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ کو بارہ دن تک روزانہ بارہ
سو بار پڑھے انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

(۲)

ظہر کے وقت تین سو تیرہ مرتبہ پڑھا کرے انشاء اللہ ضرورت
پوری ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
اٰلِ مُحَمَّدٍ حَبِيْبِكَ اِنِّىْ مُشْتَاقٌ بِنُوْرِ جَمَالِكَ وَرَسُوْلِكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ

(۳)

ہر مشکل اور ہر مہم کے لئے الحمد شریف چالیس بار روزانہ پڑھنا مجرب
ہے لیکن فجر کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اس ترکیب سے پڑھنا
عظیم تاثیر رکھتا ہے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيْمِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ لفظ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو دو مرتبہ
کہے اور اس موقعہ پر مقصد کا خیال کرے پھر سورت مذکورہ کو پوری کرے اور
جب لفظ اٰمین پر پہنچے تو تین مرتبہ آمین کہے۔

(۴)

یَا خَفِیَّ الْاَلْطَافِ اَدْرِکْنِیْ بِلُطْفِکَ الْخَفِیِّ ط پانچ سو مرتبہ بعد نماز عشاء
اول وآخر درود شریف سو بار پڑھے۔ انشاء اللہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

(۵)

طریق زکوٰۃ نقش حوا نوچندی جمعرات سے پندرہ نقش بعد نماز
عصر لکھا کریں ہر جمعرات کو آٹھ روز کے لکھے ہوئے نقوش کو گولی بنا کر
جن کے اوپر آٹا مڑھ دیا گیا ہو۔ دریا میں ڈال دیا کریں۔ جب چالیس دن

ہوجائیں دریا میں ڈالنا اور گولی بنانا بند کردیں اور ان نقوش کو جملہ ضروریات میں استعمال کریں۔ بعد زکوٰۃ پندرہ نقش روزانہ لکھتے رہیں تاکہ عمل میں رہے۔ اس نقش کی لکیر بائیں سے دائیں طرف کو کھینچی ہوں گی۔ اگر زکوٰۃ کے چالیس دن جمعرات کے دن سے کسی دن پہلے پورے ہوجائیں تو اسی روز گولی بنا کر ڈال دیں۔ مجامعت یا ترک حیوانات کا کوئی پرہیز نہیں نوچندی جمعرات سے شروع کریں اور اگلی جمعرات سے دریا میں ڈالنا شروع کریں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

(۶)

اس دُعا کو لکھ کر سات یوم تک دریا میں ڈالے انشاءاللہ مطلب حل ہوگا۔

یَاحَنَّانُ ۔ یَامَنَّانُ ۔ یَاسُلْطَانُ ۔ یَاغُفْرَانُ ۔ یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
یَاذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِرَحْمَتِکَ یَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔

(۷)

۱۰۰۱ تعویذ لکھ کر اس کی زکوٰۃ ادا کرے اور گولیاں بنا کر آٹا چڑھائے اور دریا میں ڈال دے۔ اور ایک تعویذ روزانہ لکھ لیا کرے۔ بعد زکوٰۃ یہ نقش جس کام میں بھی استعمال کیا جائے گا انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی یقینی

۷۸۶

۳۲	۱۱	۲۳
۱۳	۲۲	۳۱
۲۱	۳۳	۱۲

(۸)

برائے قضاء حاجات اور دفع خطرات سورۂ قریش سو مرتبہ نماز عشاء جلسہ واحد میں پڑھا کرے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ۔

(۹)

طریقہ زکوٰۃ نقش پندرہ۔ روزانہ چار یوم تک انار کے قلم سے لکھے اور پشت تعویذ پر مطلب لکھے۔ یہ مہمات کے لئے مجرب ہے۔

دوسرا طریقہ زکوٰۃ یہ ہے کہ پندرہ یوم تک روزانہ گیارہ تعویذ لکھ کر دریا میں ڈالے زکوٰۃ ادا ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

برائے بواسیر

(۱)

بواسیر کے لئے سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلٰی (پوری سورۃ کا) ورد مفید ہے نیز ذیل کا نقش چالیس روز تک پلائے۔

٧٨٦

١٧	٣١	٣٨	٢۴
٢٩	٢٣	١٨	٣٠
٢٢	٢٦	٣٣	١٩
٣٢	٢٠	٢١	٢٧

(٢)

بروز بدھ قبل طلوع آفتاب و قبل ظہر لوبان کی دھونی دیں اور ذیل کا نقش کمر میں باندھیں۔ انشاء اللہ العزیز بواسیر دفع ہوجائے گی۔
نقش یہ ہے۔

٧٨٦

یا حافظ ۱	یا خفیظ ۳	یارقیب ۶
یا حفیظ ۲	یارقیب ۵	یاوکیل ۸
یارقیب ۴	یاوکیل ۷	یا اللہ ۹

(٣)

مندرجہ ذیل الفاظ سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں پھر اس پانی سے طہارت کریں۔ الفاظ یہ ہیں۔
ریش ریشہ ریش ریشہ کاکن کون تکون بکونہ تین انچہ ٹرھ جانی۔

(۴)

نو دن تک ایک صبح، ایک دوپہر اور ایک شام کو پلائیں انشاء اللہ ہر قسم کی بواسیر دور ہوجائے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُوْسٍ قَوْسٍ مَرْقُوْسٍ لَا یَرَوْنَ فِیْھَا شَمْسًا وَّلَا زَمْھَرِیْرًا۔

(۵)

یَارَحِیْمُ کُلِّ صَرِیْخٍ وَمَکْرُوْبٍ یَارَحِیْمُ ۔ پیر کے دن روزہ رکھے اور طلوع آفتاب سے مغرب تک کسی وقت بھی لکھ کر ناف پر باندھے انشاءَ اللہ العزیز بواسیر سے نجات مل جائے گی۔

برائے حاجت روائی

(۱)

(۱) اگر کوئی حاجت پیش آوے (۲) کوئی شخص غائب ہو گیا ہو (۳) بیمار کی صحت کے لئے۔

عمل:۔ سورۃ فاتحہ (الحمد شریف پوری) کو اکتالیس ۴۱ بار فجر کی سنت اور فرض کے درمیان پڑھے تو ان شاء اللہ کامیابی حاصل ہو۔

(۲)

اگر کسی شخص کو کوئی حاجت پیش آوے تو وہ مندرجہ ذیل عمل کرے

عمل:۔ یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ۔ بارہ سو ۱۲۰۰ بار پڑھے بارہ ۱۲ دن تک حق تعالیٰ ان شاء اللہ حاجت برلائے گا۔

(۳)

حاجات مشکلہ کے بر آنے کے واسطے چار رکعتیں مندرجہ ذیل طریقہ پر پڑھے:

ترکیب نماز:۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ کو سو بار پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ سو بار پڑھے اور تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد وَ اُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ۔ سو بار اور

چوتھی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِیْلُ۔ سو بار پڑھے پھر سلام پھیر کر کہے رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ سو بار اس کے بعد دعا مانگے ان شاء اللہ ضرور قبول ہو گی۔

(۴)

حاجت روائی کے لئے آیت کریمہ بھی تریاق مجرب ہے اور اس کے دو طریق ہیں۔

آیت کریمہ:۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ

پہلا طریقہ: آیت کریمہ کو سوا لاکھ مرتبہ اجتماعی حالت میں ایک مجلس میں پڑھا جائے (اور پھر دعا کی جائے)

دوسرا طریقہ: ایک شخص اس آیت کو تن تنہا تین سو بار بعد نماز عشاء کے تاریک (اندھیرے) مکان میں بیٹھ کر شرائط طہارت اور استقبالِ قبلہ کے ساتھ پڑھے اور پیالہ پانی کا بھر کر پاس رکھ لے اور لمحہ لمحہ اس پانی میں اپنا ہاتھ ڈال کر بدن اور منہ پر پھیرتا رہے تین ۳ روز یا سات روز یا چالیس روز تک اسی ترتیب سے پڑھے۔

(۵)

سورہ فاتحہ کو اس طرح پڑھا جائے کہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے میم کو اَلْحَمْدُ کے لام سے ملا دے (اس طرح بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الحمد للہ رب العالمین الخ) اتوار کے دن سے فجر کی سنت اور فرض کے درمیان شروع کرے یعنی اس طرح کرے کہ

اتوار کو ستر۷۰ بار۔ پیر کو ساٹھ۶۰ بار۔ منگل کو پچاس۵۰ بار۔ بدھ کو چالیس۴۰ بار جمعرات کو تیس۳۰ بار۔ جمعہ کو بیس۲۰ بار اور ہفتہ کو دس۱۰ بار پڑھے۔ انشاءاللہ مراد پوری ہوگی۔

(۶)

دنیا کی مشکلات اور سختی کو دفع کرنے کے لئے دعائے کرب، باطہارت اور باوضو بلاگنتی و بلاقید اس بارہ میں مجرب ہے۔ اور دعائے کرب یہ ہے۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِکَ وَالْغَنِیْمَۃَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَۃَ مِنْ کُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا ھَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَہٗ وَلَا حَاجَۃً لِّیْ مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اِلَّا قَضَیْتَھَا یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

(۷)

قضائے حاجت کے واسطے بہت ہی سریع التاثیر اور مجرب ہے اور حضرات مشائخ چشتیہ رحمۃ اللہ علیہم کا اس پر عمل ہے۔

بدھ اور جمعرات کو دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف ایک بار اور سورۃ اخلاص سو۱۰۰ بار اور دوسری رکعت میں سورۃ الحمد شریف سو۱۰۰ بار اور سورۃ اخلاص (قل ھو اللہ احد۔ پوری) ایک بار پھر سلام

کے بعد سو۱۰۰ دفعہ یہ استغفار پڑھے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ ط اور سو دفعہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَسَلِّمْ پھر سو۱۰۰ بار کہے (اے آسان کنندہ دشواریہا وے روشن کنندہ تاریکیہا) پھر حضور دل سے حاجت چاہے۔ اور تیسری شب کو فارغ ہونے کے بعد سر برہنہ کرکے آستین گلے میں ڈال کر اور آنکھوں میں آنسو لاکر جو حاجت ہو پچاس دفعہ عرض کرے انشاءاللہ تعالیٰ اسی وقت حاجت بر آوے بہت مجرب ہے۔

(۸)

قضائے حاجت کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔

سورۃ فاتحہ سات بار اور یہ درود شریف دو سو۲۰۰ مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ اور یَا خَفِیَّ اللُّطْفِ اَدْرِکْنِیْ بِلُطْفِکَ الْخَفِیِّ پانچ سو۵۰۰ بار الحمد شریف سات بار اور درود مذکور دو سو۲۰۰ مرتبہ اور یا قاضی الحاجات دو سو۲۰۰ دفعہ پڑھے اور اپنی حاجت گڑگڑا کر خداوند تعالیٰ سے مانگے بہت جلد حاجت بر آوے۔

(۹)

اس عمل پر بزرگان دین کا قیام ہے اور تاثیر میں سیف قاطع ہے۔ اسکی ترکیب یہ ہے کہ۔

شب جمعہ (جمعرات کے دن کے بعد والی رات) کو عشاء کی نماز کے بعد خلوت (تنہائی) میں دو رکعت نماز پڑھے اس حاجت کی نیت سے جو

چاہتا ہے۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۃ انعام (ساتویں پارہ میں ہے) اول سے آخر تک پڑھے پھر دوبارہ از سرِ نو شروع کرے اور اس آیت تک پڑھے وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ اور رکوع میں جائے پھر دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى سے آخر سورۃ ختم تک پڑھ کے رکوع کرے پھر نماز ختم کرنے کے بعد ہزار بار یہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلِّمْ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى۔ اس کے بعد دعا مانگے اور گڑگڑا کر اپنی حاجت (خدا سے) مانگے ان شاء اللہ العزیز قبول ہوگی۔ یہ عمل مجرب ہے خواہ آپ کرے یا دوسرے سے کرائے۔

(۱۰)

سورۃ یٰسین شریف کا ختم ہر مہمات کے واسطے مشائخ سے ثابت ہے جب کوئی ضرورت پیش آوے تو سورۃ یٰسین اس ترکیب سے پڑھے کہ ہر لفظ مبین سے از سرِ نو شروع کرتا ہے جب اس طریقہ سے سورہ ختم ہو جائے تو سر ننگا کر کے سجدہ میں جا کر اپنی حاجت نہایت عاجزی سے طلب کرے۔ مقصد کے حصول تک ہر روز معمول رکھے۔

(۱۱)

اکثر مشائخین و عاملین نے کہا ہے کہ یہ آیت قطب دشمنوں کی دشمنی سے محفوظ رکھتی ہے اور ہر آفت اور خوف سے حفاظت رکھتی ہے اور ہر دینی اور دنیوی مراد کے پورا ہونے کے واسطے نہایت ہی مجرب ہے۔ آیت قطب یہ ہے۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى

طَآئِفَةً مِّنْكُمْ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ؕ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ يُخْفُوْنَ فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ؕ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ۝

اس آیت شریف کو چار سو دفعہ شب بدھ و جمعرات و جمعہ کو بعد نماز عشاء پڑھے اور آیت شریف پڑھنے سے پہلے اور ختم پر دس دس دفعہ درود شریف پڑھے پھر نہایت عاجزی و زاری سے خداوند تعالیٰ سے دعا کرے اور دردِ سر کو دور کرنے کے لئے سات دفعہ پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ العزیز فوراً آرام ہو جائے گا۔

(۱۲)

ہر مطلب کے حاصل ہونے کے واسطے ہر روز پندرہ کا نقش پاک زمین پر انار کی لکڑی سے لکھے اور لکھنے کے بعد اس پر پانی چھڑکے اور مقصد کے حصول تک یہ عمل کرتا ہے۔

پندرہ کا نقش یہ ہے

٦	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

عبادت سے رغبت اور گناہوں سے نفرت کا طریقہ

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ. کثرت سے پڑھنا بہت مفید ہے۔

گناہوں کی معافی اور خاتمہ بالخیر ہونے کا طریقہ

عفو گناہ کے لئے استغفار اور خاتمہ بالخیر ہونے کے لئے کلمہ طیبہ کا زیادہ ذکر کرنا اور نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھنا نہایت مفید ہے۔

عذابِ قبر سے بچنے کا طریقہ

سورۃ تبارک الذی عشاء کی نماز کے بعد ہمیشہ سونے سے قبل اور سورۃ الٓمّٓ سجدہ کی بھی عشاء کی نماز کے بعد تلاوت کرنی چاہیئے۔

نفس و شیطان سے حفاظت کا طریقہ

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ. زیادہ پڑھنا چاہیئے اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس صبح اور مغرب کی نماز کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ ہمیشہ پڑھنی چاہیئے۔

سکرات موت کے آسان ہونے کا طریقہ

سکرات موت آسان ہونے کے لئے ہمیشہ آیۃ الکرسی اور سورۃ اخلاص پڑھنی چاہیئے اور یہ بھی حدیث میں آیا ہے کہ عذاب قبر دفع ہونے کے لئے ہمیشہ

سورۃ تبارک الذی عشاء کے بعد سونے کے قبل پڑھنی چاہیئے اور ایسی ہی سورۃ دخان پڑھنے کے بارہ میں بھی روایت ہے۔

زیارتِ قبور کا طریقہ

جب عوام مومنین کی قبر کی زیارت کے لئے جائیں تو پہلے قبلہ کی طرف پشت کرے اور میّت کے سینے کے سامنے منہ کرے اور سورۃ فاتحہ ایک مرتبہ اور سورۃ قل ھو اللہ احد (مکمل) تین مرتبہ پڑھے اور جب قبرستان میں جائے تو یہ کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَھْلَ الدِّیَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُسْلِمِیْنَ یَغْفِرُ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمْ وَاَنَا اِنْ شَآءَ اللّٰہُ بِکُمْ لَلَاحِقُوْنَ۔

بُرے خواب سے بچنے کا طریقہ

سوتے وقت قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس (آخر تک) اور آیۃ الکرسی ایک ایک مرتبہ پڑھنا چاہیئے اور جو اس سے دفع نہ ہو تو یَا شَدِیْدُ تین مرتبہ پڑھ کر اپنے بدن پر دم کرنا چاہیئے اور سوتے وقت یہ دعا پڑھنی چاہیئے۔

بِاسْمِكَ اللّٰھُمَّ وَضَعْتُ جَنْبِیْ وَبِكَ اَرْفَعُهٗ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ تَعَالٰی اِحْفَظْنِیْ مِنْ نَوْمِیْ جَنْبِیْ بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصّٰلِحِیْنَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنَ۔

برائے ازالۂ بخار

(۱)

سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) چالیس ۴۰ بار پانی کے پیالے پر پڑھے اور بخار والے کے منہ پر چھینٹا مارے تو حق تعالیٰ اس کو فائدہ بخشے۔

(۲)

قرآن مجید کی یہ چھ آیتیں ہیں جن کا نام آیات شفاء ہے بیمار کے واسطے ان کو ایک برتن پر لکھے اور پانی سے دھو کر پلاوے:-

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۝ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۝ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ۝

(۳)

لاعلاج مرض کے واسطے چینی کی سفید تشتری (پلیٹ) یا برتن پر یہ اسم لکھے۔ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَآئِهٖ يَا حَيُّ پھر اسکو پانی سے دھو کر چالیس دن پیئے۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ اس اسم پر سورۂ فاتحہ بھی لکھتے تھے

(۴)

بخار کے ازالہ کے واسطے ہر روز عصر کے بعد سورۂ مجادلہ (پ ۲۸) بخار والے پر تین بار پڑھے۔ (اور دم کرے) انشاءاللہ بخار دفع ہوگا۔

(۵)

بخار کے دفع کے لئے حضرت شاہ عبدالعزیز قدس سرہٗ اور مولانا محمد اسحٰق صاحب رحمۃ اللہ علیہ گلے میں باندھنے کے لئے یہ لکھ دیتے تھے۔ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ۔ اور پینے کے لئے ہر بیماری کے دفع کے لئے یہ لکھ دیتے تھے۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ۔

(۶)

اگر آسیب کا اثر گھر میں معلوم ہو تو آیات ذیل پچیس ۲۵ بار چار کیلوں پر پڑھ کر گھر میں چاروں کونوں میں گاڑ دیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكَافِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

فتیلہ (فلیتہ) برائے جنّ

اس نقش کو مع نیچے کی عبارت کے تین تعویز لکھیں اور اس کو اس طرح فلیتہ بنا دیں کہ دو کا ہندسہ نیچے رہے اور آٹھ کا ہندسہ اُوپر رہے۔ پھر پاک روئی لپیٹ کر کورے چراغ میں کڑوا تیل ڈال کر مریض کے پاس اُوپر کی طرف یعنی ہندسہ آٹھ کی طرف سے روشن کریں اوّل روز ایک فلیتہ جلا دیں پھر ایک دن ناغہ کر کے دوسرا، پھر ایک دن ناغہ کر کے تیسرا۔ نقش یہ ہے۔

۸	۱	٦
۳	۵	۷
۴	۹	۲

فرعون۔ قارون۔ ہامان۔ شداد۔ نمرود۔ ابلیس
علیہ اللعنۃ۔ واتباع ایشاں اگر نہ گریزند سوختہ شوند

برائے دفع سحر

آیات ذیل لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں اور پانی پر پڑھ کر اس کو پلا دیں۔ اگر نہلانا نقصان نہ کرتا ہو تو ان ہی آیات کو پانی پر پڑھ کر اس سے مریض کو نہلا دیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۝ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ وَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِكِ النَّاسِ اِلٰهِ النَّاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

برائے دفع مرگی

آیات ذیل کو لکھ کر گلے میں ڈال دیا جاوے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الشَّیْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ۝ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنَ ۔

برائے اختلاج قلب

آیات ذیل کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالیں کہ قلب پر پڑی رہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ وَرَبَطْنَا عَلٰی قُلُوْبِكُمْ لَوْلَا اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰی قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ لِیَرْبِطَ عَلٰی قُلُوْبِكُمْ ۔

محبت زوجین

اگر زوجین میں سے کسی کو دوسرے سے نفرت ہو اور محبت نہ ہو تو آیات ذیل کو لکھ محب اپنے پاس رکھے اور نمک یا مٹھائی پر پڑھ کر محبوب کو کھلا دیں۔ فلانہ کی جگہ

محبوب کا نام اور لفظ فلاں کی جگہ محب کا نام لکھیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ اِذْ تَمْشِیْ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰی مَنْ یَّكْفُلُهٗ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰی اُمِّكَ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّیْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَیَا مُسَخِّرَ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَالْاَرَضِیْنَ السَّبْعِ قَلِّبْ لِفُلَانَةَ قَلْبَ فُلَانٍ بِالْخَیْرِ لِاَدَآءِ الْحُقُوْقِ یَا وَدُوْدُ حَبِّبْ یَا وَدُوْدُ۔

پیشاب رک جانا یا پتھری ہو جانا

کلمات ذیل کو لکھ کر ناف پر باندھ دیا جائے

رَبُّنَا اللّٰهُ الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِی السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِی الْاَرْضِ وَاغْفِرْ لَنَا حُوْبَنَا وَخَطَایَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّیِّبِیْنَ فَاَنْزِلْ شِفَآءً مِّنْ شِفَآئِكَ وَرَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ عَلٰی هٰذَا الْوَجَعِ۔

انجاح حاجت

تمام مشکلات کے حل کے لئے اسم یَا لَطِیْفُ بعد نماز عشاء گیارہ سو گیارہ مرتبہ پڑھے اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے اور پھر دعا کرے۔

برائے دفع تپ و لرزہ ہر قسم

نقش ذیل کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ نقش یہ ہے

(اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)

بِسۡمِ	اللہ	الرحمٰن	الرَّحِیۡمِ
اللہ	الرحمٰن	الرّحیم	بِسم
الرحمٰن	الرّحیم	بسم	اللہ
الرحیم	بسم	اللہ	الرحمٰن

ایّام ماہواری کی کمی

اگر ایّام ماہواری کی کمی ہو اور اس سے تکلیف ہو تو آیاتِ ذیل کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈال دیں کہ تعویز رحم پر پڑا رہے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَجَعَلۡنَا فِیۡہَا جَنّٰتٍ مِّنۡ نَّخِیۡلٍ وَّ اَعۡنَابٍ وَّ فَجَّرۡنَا فِیۡہَا مِنَ الۡعُیُوۡنِ لِیَاۡکُلُوۡا مِنۡ ثَمَرِہٖ وَ مَا عَمِلَتۡہُ اَیۡدِیۡہِمۡ اَفَلَا یَشۡکُرُوۡنَ ؕ اَوَلَمۡ یَرَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡۤا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ کَانَتَا رَتۡقًا فَفَتَقۡنٰہُمَا وَجَعَلۡنَا مِنَ الۡمَآءِ کُلَّ شَیۡءٍ حَیٍّ اَفَلَا یُؤۡمِنُوۡنَ ؕ


ایّام ماہواری کی زیادتی

اگر کسی کو ایّام ماہواری زیادہ آتے ہوں اور اس سے تکلیف ہو تو آیاتِ ذیل کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈال دیں کہ تعویز رحم پر پڑا رہے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَقِیۡلَ یٰۤاَرۡضُ ابۡلَعِیۡ مَآءَکِ وَ یٰسَمَآءُ اَقۡلِعِیۡ وَغِیۡضَ الۡمَآءُ وَقُضِیَ الۡاَمۡرُ وَاسۡتَوَتۡ عَلَی الۡجُوۡدِیِّ وَقِیۡلَ بُعۡدًا لِّلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِیۡنَ ؕ

تعویذ طحال

یہ تعویذ اسی طرح کھلا رہے گا اور ایک نیلا کپڑا اس تعویذ سے دونا (دوگنا) لے کر دوہرا کرکے اس کے بیچ

میں یہ تعویذ ایسا ہی کھلا ہوا رکھا جائے اس طرح سے کہ جس جانب تعویذ میں بسم اللہ کے اعداد (۷۸۶) ہیں وہ کپڑے کے بند جانب میں رہے پھر کسی روز بعد نماز فجر نہار منہ مریض کو چت لٹا کر اور پہلوؤں کی برابر دونوں ہاتھ سیدھے رکھ کر بائیں ہتھیلی پر تعویذ مع کپڑے کے رکھ دیا جائے اس طرح کہ بند جانب جدھر بسم اللہ کے عدد ہیں اُنگلیوں کی طرف رہے پھر اس تعویذ اور کپڑے کے مجموعہ پر ایک کورے چھوٹے برتن میں ایک بہت چھوٹی سی چنگاری جس سے وہ برتن گرم نہ ہو جاوے رکھ کر مریض کے بائیں جانب ایک ہوشیار آدمی بیٹھے اور طحال کو انگلیوں سے دباتا ہوا کھسکاتا ہوا اصلی مقر تک لادے یعنی بڑھے ہوتے حصّہ کو دباتا ہوا کھسکاتا ہوا اس جگہ تک لاوے جس جگہ تک تلّی حالت صحت میں رہتی ہے۔ اسی طرح بار بار تقریباً بیس۲۰ منٹ تک کرے بعض اوقات طحال میں سوزش ہونے لگتی ہے ایسے وقت چنگاری کے برتن کو ہٹا دیں پھر بعد سکون بدستور رکھ دیں پھر بیس۲۰ منٹ کے بعد مریض سے کہا جاوے کہ وہ اُٹھ کر پیشاب کر ڈالے۔ پھر ایک دن ناغہ کرکے پھر کریں۔ پھر ایک روز ناغہ کرکے تیسری بار کریں اور بس۔ نقش یہ ہے۔



برائے افزائش شیر (دودھ) زن

اگر کسی عورت کے دودھ کی کمی ہو تو آیات ذیل کو ایک بار پڑھ کر نمک پر دم کر کے کھانے میں ڈال کر عورت کھاوے اس کھانے میں سے اور سب بھی کھاویں تو کچھ حرج نہیں ہے آیات یہ ہیں:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ط وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ط وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِيْنَ ۝ وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ط نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهٖ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِّلشَّارِبِيْنَ ط

برائے افزائش شیر جانوراں

اگر کوئی گائے بھینس وغیرہ دودھ نہ دیتی ہو تو ایک آٹے کے پیڑے پر آیات ذیل پڑھ کر اس جانور کو کھلا دیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ط نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهٖ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِّلشَّارِبِيْنَ ط وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗ اَسْلَمَ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ط سُبْحَانَ الَّذِىْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ط

برائے تھنیلا

بعض اوقات عورتوں کے پستان میں بوجہ زیادتی دودھ وغیرہ درد اور دکھن ہوتی ہے تو اس دعا کو چھنی ہوئی راکھ پر یا مٹی پر سات بار اس طرح پڑھیں کہ ہر بار پڑھ کر اس راکھ یا مٹی میں تھوک دیں پھر پانی سے اسکو پتلا کر کے درد کی جگہ لیپ کریں اگر پھوڑے پھنسی وغیرہ پر لگایا جاوے تب بھی مفید ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا لِيُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا ط

برائے عقیمہ (از قول الجمیل)

ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے یہ آیت لکھے۔ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا۔ پھر اس تعویز کو عورت کی گردن میں باندھے۔

برائے عقیمہ

چالیس لونگوں پر سات سات بار اس آیت کو پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِىْ بَحْرٍ لُّجِّىٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَا اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰهَا وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ط اور ایک لونگ کو ہر روز کھاتے اور شروع کرے حیض کے غسل ہونے سے اور ان دنوں میں اس کا شوہر اس سے صحبت کرتا رہے اور شرط یہ ہے کہ لونگ رات کو کھاوے اس پر پانی نہ پیئے۔

برائے خنازیر جس کی گردن میں کنٹھ مالا ہو تو تانت پر جو مریض کے قد کے برابر ہو اکتالیس گرہ دے اور ہر گرہ پر یہ دُعا پڑھ کر پھونکے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدْرَۃِ اللّٰہِ وَ قُوَّۃِ اللّٰہِ وَعَظْمَتِ اللّٰہِ وَبُرْہَانِ اللّٰہِ وَ سُلْطَانِ اللّٰہِ وَکَنَفِ اللّٰہِ وَجَوَارِ اللّٰہِ وَ اَمَانِ اللّٰہِ وَحِرْزِ اللّٰہِ وَ صُنْعِ اللّٰہِ وَ کِبْرِیَاءِ اللّٰہِ وَنَظَرِ اللّٰہِ وَ بَہَاءِ اللّٰہِ وَجَلَالِ اللّٰہِ وَکَمَالِ اللّٰہِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ۔ پھر مریض کے گلے میں ڈال دے۔

عملیات حضرت مولانا سیّد اصغر حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ

سابق محدّث دارالعلوم

تعویذ جواہر الاکسیر

۴۴۰	۴۵۳	۴۵۰	۴۴۷
۴۵۱	۴۴۶	۴۴۱	۴۵۲
۴۴۵	۴۴۸	۴۵۵	۴۴۲
۴۵۴	۴۴۳	۴۴۴	۴۴۹

مندرجہ بالا تعویذ مختلف مقاصد کے لئے ہے، اگر کوئی مریض ہو تو ایک تعویذ سات کنوؤں کے پانی سے دھو کر سات یوم پلانے کے لئے دیا جائے اور ایک تعویذ گلے میں باندھنے کے لئے اور اگر مرض طویل ہے تو اکیس روز پلانے کے لئے ۲۱ تعویذ دیئے جائیں۔

اُمّ الصبیان، اختلاج قلب اور تپ دق کی صورت میں تعویذ پر تین عدد موتی مروارید ناسفتہ رکھ کر تعویذ کو روئی میں لپیٹیں بعد ازاں کپڑے میں سی کر گلے میں ڈال دیں سات روز پینے کے لئے صرف ایک تعویذ زعفران یا سیاہی سے لکھ کر دیں یا اکیس ۲۱ روز پلانے کے لئے ۲۱ تعویذ دیں۔

ہر قسم کی بواسیر کے لئے یہ تعویذ ہرن کی سفید اور کاغذ کی طرح باریک جھلی پر لکھ کر جمعرات کے دن دائیں بازو پر باندھیں۔ دوسری جمعرات کو دائیں بازو سے کھول کر بائیں بازو پر باندھیں۔ یہ عمل سات جمعرات تک کیا جائے گا۔

ساتویں جمعرات کو تعویذ داہنے بازو پر آجائے گا اس کے بعد نہ بدلا جائے اور بندھا رہنے دیں۔

یہ تعویذ جب کسی مرض کے لئے دیا جائے تو اس کے نیچے "تحفظہ و تشفیہ من الاسقام"، تحریر کر دیں۔ اس تعویذ کو اگر حُب کے لئے دیا جائے تو تعویذ کے نیچے اس طرح تحریر کریں۔

اَللّٰھُمَّ قَلِّبْ (قَلِّبْ کے بعد مطلوب کا نام لکھیں) ــــ عَلٰی حُبِّ ـــــــ (یہاں طالب کا نام لکھیں) یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ۔

اگر یہ تعویذ فتح مقدمہ یا حصول ملازمت کے لئے ہو تو پانی کے کنارے کھڑے ہو کر دوشنبہ (پیر) یا جمعرات کے روز یہی تعویذ سبز کپڑے میں سی کر داہنے بازو پر باندھیں اور آٹے کی سات گولیاں بنا کر پانی میں ڈال دیں۔ جب اس مقصد سے تعویذ لکھا جائے تو اس کے نیچے یہ عبارت تحریر کر دیں۔

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ ـــــــ (یہاں اس شخص کا نام تحریر کریں) وَعَزِّزْہُ دارزقہ و کن لہ نصیرًا۔

استقرار حمل کے لئے یہ تعویذ زعفران سے لکھ کر ناف پر لٹکایا جائے۔

تعویذ برائے بخار و اختلاج قلب وغیرہ

۷۸۶

۱۸۹	۲۰۲	۱۹۹	۱۹۶
۲۰۰	۱۹۵	۱۹۰	۲۰۱
۱۹۴	۱۹۷	۲۰۴	۱۹۱
۲۰۳	۱۹۲	۱۹۳	۱۹۸

بخار کے لئے یہ تعویذ گلے میں باندھیں اور دھو کر پینے کے لئے دیں اور اگر اختلاج قلب

یا ہول دل کے لئے ہے تو گلے میں باندھیں۔ کسی بھاگے ہوئے کی واپسی کے لئے اس تعویذ کے نیچے مفرور اور اس کی والدہ کا نام تحریر کریں اور سُرخ کپڑے میں سی کر گرم جگہ (مثلاً چولہے یا تنور کے نیچے) دفن کریں۔

برائے ادائے قرض

اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ۔ مندرجہ بالا دُعا اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ روزانہ ایک سو ستر مرتبہ پڑھی جائے۔

برائے قوّت حافظہ و ذکاوت

مندرجہ ذیل آیت زعفران سے چینی کی تشتری پر تحریر کریں اور جمعہ کے روز طلوع آفتاب سے قبل اس کو پانی سے دھو کر اور اس میں ایک قطرہ شہد ڈال کر پیا جائے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

وَکَذٰلِکَ اَوْحَیْنَآ اِلَیْکَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا مَا کُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْکِتٰبُ وَلَا الْاِیْمَانُ وَلٰکِنْ جَعَلْنٰہُ نُوْرًا نَّھْدِیْ بِہٖ مَنْ نَّشَآءُ۔

برائے اضافہ شیر (دودھ میں اضافہ کیلئے)

دودھ میں اضافہ کیلئے زیرۂ سفید پر چالیس مرتبہ سورۂ کوثر اور چالیس مرتبہ "یَا رَزَّاقَ الطِّفْلِ الصَّغِیْرِ"، پڑھ کر دم کر دیں اور عورت کو کھانے کے لئے دیں

تعویذ برائے افزائش رزق و مشاہرہ

۷۸۶

۱۱۴	۹۴	۱۲۲
۱۱۸	۱۱۰	۱۰۲
۹۸	۱۲۶	۱۰۶

مندرجہ بالا تعویذ دائیں بازو پر باندھنے کے لئے دیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت اور ترقی ہوگی۔

برائے دفع آسیب (عملی)

ایک تعویذ باندھیں اور ایک تعویذ کو چراغ میں بطور فلیتہ روشن کریں۔

۷۸۶

ح ۸	و ۶	د ۴	ب ۲
ب ۲	د ۴	و ۶	ح ۸
و ۶	ح ۸	ب ۲	د ۴
د ۴	ب ۲	ح ۸	و ۶

برائے درد سر

۷۸۶

ھھھھھھھ	۱۶	۱۱	۱۸
ععععععع	۱۷	۱۵	۱۳
※ دھم ص	۱۲	۱۹	۱۴

یہ تعویذ سر میں باندھا جائے۔

برائے حفاظت حمل

اگر اسقاط حمل کا اندیشہ ہو تو یہ تعویذ حاملہ کی ناف پر باندھا جائے

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

عملیات

حضرت مولانا محمد یسین صاحب مدرس دارالعلوم دیوبند

عمل برائے دفع سحر (عطیہ حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی رح)

آیاتِ ذیل کو سات کنوؤں کا پانی جمع کرکے اس پر گیارہ مرتبہ پڑھا جائے اور سات کنوؤں کا پانی جمع کرنا مشکل ہو تو ایک سہی تازہ پانی پر پڑھ لیں۔ اس پانی سے مریض کو غسل دیا جائے گیارہ روز تک یہ عمل بلاناغہ کریں۔ آیاتِ سحر یہ ہیں۔

سورہ یونس کی دو آیتیں۔ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ (۸۱) وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ (۸۲)

سورہ اعراف کی چار آیات۔ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (۱۱۸) فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ (۱۱۹) وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ (۱۲۰) قَالُوْا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ رَبِّ مُوْسٰی وَهٰرُوْنَ (۱۲۱)

ایک آیت سورہ طٰہٰ۔ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى (۶۹)

برائے دفع آسیب از مکان تین روز تک سورہ بقرہ پوری ختم کی جائے ان شاء اللہ آسیب

دفع ہو جائے گا۔

برائے دفع آسیب (اجازت از حضرت مولانا گنگوہی)

یہ نقش کاغذ پر لکھ کر کچھ دیر تک مریض کو دکھلاتے رہیں اس کے بعد گلے میں ڈال دیں۔

۷۸۶

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

آسیب یا سحر وغیرہ کے معلوم کرنے کا طریقہ

نیلا دھاگہ سوت کا سات تار مریض کے قد کے برابر لے کر اس پر سات مرتبہ یہ آیت قبل از مغرب پڑھے:-

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ۔ یہ نیلا ڈورا رات کو مریض کے سرہانے یا تکیہ کے نیچے رکھا جائے صبح پھر ناپا جائے اگر بڑھ جائے تو آسیب کی علامت گھٹ جائے تو سحر کی اور برابر رہے تو عام مرض ہے۔

وسعتِ رزق اور ادائے قرض کیلئے

بعد نماز عشاء کسی متعین جگہ تنہا بیٹھ کر اسم یَا وَهَّابُ چودہ سو چودہ (۱۴۱۴) مرتبہ اور اس کے بعد سو مرتبہ یہ دعا پڑھے۔ یَا وَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ نِّعْمَةِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ

اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۔ لبعض بزرگوں نے اس عمل کو کیمیائے درویش فرمایا ہے بہت مجرب ہے ۔

وسعتِ رزق کے لئے

صبح کی نماز کے بعد ستر ۷۰ مرتبہ یہ آیت پڑھے ۔ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۔

(سورۂ شوریٰ)

دیگر برائے کشائش رزق

سورۂ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ آخر تک پوری سورت صبح کی نماز کے بعد اکیس ۲۱ مرتبہ اور اتنی ہی مرتبہ درود شریف پھر نماز ظہر کے بعد بائیس ۲۲ مرتبہ یہ سورت اور بائیس ۲۲ ہی مرتبہ درود شریف پھر عصر کی نماز کے بعد تیئس ۲۳ مرتبہ یہ سورت تیئس ۲۳ مرتبہ درود شریف پھر مغرب کی نماز کے بعد چوبیس ۲۴ مرتبہ یہ سورت اور چوبیس ۲۴ مرتبہ درود شریف اور عشاء کے بعد پچیس ۲۵ مرتبہ یہ سورت اور پچیس ۲۵ مرتبہ درود شریف ۔ یہی معمول پورا کریں ۔ (روزانہ پڑھیں ان شاء اللہ العزیز کامیابی ہوگی)

برائے کشائش رزق
(از حضرت گنگوہی)

کوئی وقت معین کرکے ہر روز اسی وقت گیارہ سو مرتبہ (۱۱۰۰) یَا بَاسِطُ ۔ پابندی سے پڑھا کرے ۔

ان شاء اللہ کامیابی ہوگی ۔

برائے رزق وغنا ظاہری وباطنی
(از حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رح)

سورۂ مزمل گیارہ ۱۱ مرتبہ روزانہ ایک معین وقت

ہیں یا ہر نماز کے بعد دو ۲ مرتبہ اور عشاء کے بعد تین مرتبہ پڑھا کرے اور گیارہ ۱۱ سو مرتبہ یَا مُغْنِیُ ۔

کشائش رزق کے لئے

طلوع صبح صادق کے بعد نماز فجر سے پہلے سو ۱۰۰ مرتبہ پڑھے ۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ ۔

برائے ادائے قرض

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ۔ ہر روز ستر ۷۰ مرتبہ پڑھا کرے ۔

دیگر کشائش رزق کیلئے

صبح کی سنت اور فرض کے درمیان سو ۱۰۰ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ کا پڑھنا مجرب ہے ۔

وساوس کا علاج

خاتم (نقش) امام غزالیؒ، تانبے یا پیتل یا رانگ کی تختی پر لکھ کر اس کے گرد آیۃ الکرسی اور یہ آیت لکھیں ۔ اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ۔ اس تختی کو صبح نہار منہ پانی سے دھوکر تین روز تک پیئیں پانی زمزم کا ہو تو بہتر ہے ۔ خاتم غزالیؒ یہ ہے ۔

د	ط	ب
ج	ه	ز
ح	ا	و

دیگر برائے قطع وساوس

یا اللّٰہُ الرَّقِیْب الحفیظ الرّحیم یا اللہ الحی الحلیم العظیم الرؤف الکریم یا اللّٰہُ الحی القیوم القائم علٰی کل نفس بما کسبت حُلْ بینی وبین عدوّی۔ یہ دعاء روزانہ کسی وقت پڑھا کریں۔

برائے دفع وساوس

(منقول از حضرت مولانا گنگوہی رح)

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بکثرت پڑھا کرے۔ نیز موت اور حشر ونشر کا تصوّر ومراقبہ بھی قطع وسواس کے لئے مجرّب ہے (ارشاد حضرت مولانا محمّد یعقوب صاحب رح)

برائے ہر مہم وحاجت

یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ۔ بارہ سو (۱۲۰۰) مرتبہ بارہ[۱۲] روز تک پڑھے۔

مقصد میں کامیابی کے لئے

(عطیہ از شاہ عبدالغنی پھولپوری رح)

چار رکعت نفل پڑھ کر یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ۔ تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ اور اوّل وآخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد سجدہ میں سر رکھ کر بالحاح وزاری مقصد کے لئے دُعا کریں۔

تمام حوائج ومصائب کے لئے

(عمل حضرت حاجی صاحب رح مہاجر مکی بروایت مولانا پھولپوری رح)

تین سو اکتالیس[۳۴۱] مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْر۔ ہر روز صبح کی نماز کے بعد پابندی سے پڑھے۔

برائے حاجت برآری از حکّام

آیت۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْم۔ کو چند بار پڑھ کر انگشت شہادت پر دم کریں پھر سر کے بالوں سے پیشانی پر بینی تک اس انگلی سے خط کھینچ کر جس کے سامنے جاتے انشاءاللہ وہ اس کی حاجت پوری کرے گا۔

مقدمہ میں فتح اور دشمنوں سے حفاظت کیلئے

(حضرت مولانا گنگوہی رح)

حَسْبُنَا اللّٰہُ نِعْمَ الْوَکِیْل۔ بکثرت پڑھنا مجرّب ہے۔ اس کا ورد بنائے رکھے جتنا زیادہ پڑھ سکے بہتر ہے۔

مہم عظیم کے لئے عمل مجرّب

(اجازت از حکیم عبدالوہاب انصاری رح)

سُوْرَۃُ یٰسٓ مہینہ کے پہلے یکشنبہ کے روز بعد نماز صبح طلوع آفتاب سے پہلے اس طرح پڑھے کہ جب اس سورت میں پہلے کلمہ مُبین پر پہونچے تو پھر از سر نو سورت شروع کرے اور جب دوسرے مُبین پر پہونچے تو پھر از سر نو پڑھے پھر جب تیسرے مُبین پر پہونچے تو از سر نو شروع کرے اس سورت میں سات مرتبہ لفظ مبین آیا ہے اس طرح سات مرتبہ یہ سورت پڑھی جاتے اور عمل کو طلوع آفتاب سے پہلے ختم کیا جائے۔ کم از کم سات روز یہ عمل بلا ناغہ جاری رکھے۔

نماز قضاء حاجات وحل مشکلات

چار رکعت کی نیّت کرکے نماز شروع کرے

پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ۔ سو۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر رکعت پوری کرے دوسری رکعت میں الحمد کے بعد اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۔ سو۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر رکعت پوری کرے۔ تیسری رکعت میں الحمد کے بعد سو۱۰۰ مرتبہ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ پڑھے۔ چوتھی رکعت میں الحمد کے بعد سو۱۰۰ مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْل پڑھ کر نماز پوری کرے بعد نماز کے سجدہ میں سر رکھ کر سو۱۰۰ مرتبہ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھے پھر اپنی حاجت وضرورت لئے دُعا مانگے۔

بلا ومصیبت سے نجات کیلئے لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ الخ ستر مرتبہ اور یَا سَلَامُ سو۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔

برائے دفع شر اعداء بعد مغرب اکتالیس۴۱ مرتبہ لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ پڑھا کریں۔ اور حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ دفع شر اعداء کے لئے حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْل۔ بکثرت پڑھے۔ کوئی تعداد معین نہیں۔

برائے منظوری درخواست وعرضی لکھی ہوئی درخواست پر بغیر روشنائی کے خالی انگلی سے یہ کلمات لکھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ انّ اللّٰه وعد الصابرین نصرًا وّ من توكّل علیه یسرا۔ کلآ

انّ کتاب الابرار لفی علّیّین۔

برائے تسخیر وحاجت برآری كٓهٰيٰعٓصٓ كُفِيْتُ۔ اس طرح پڑھے کر كٓهٰيٰعٓصٓ کے ہر حرف پر داہنے ہاتھ کی انگلیاں بند کرتا چلا جائے۔

پھر حٰمٓ عٓسٓقٓ حُمِيْتُ کو اسی طرح پڑھے حٰمٓعٓسٓقٓ کے ہر حرف پر بائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کرنا ہے۔ پھر اسی طرح دونوں ہاتھ کی انگلیاں بند رکھے جس شخص سے حاجت متعلق ہو اس کے سامنے جا کر انگلیاں کھول دے۔

برائے تسخیر (عطیہ از مولانا گنگوہی قدس سرہٗ) یَا عَزِيْزُ۔ کی کثرت کرے کوئی تعداد مقرر نہیں شوہر کیلئے حاکم کے لئے بہت آزمودہ ہے۔

ظالم دشمن کے شر سے نجات حاصل کرنے کیلئے

(عطیہ حکیم عبدالوہاب انصاری رح)

دن رات میں کوئی فارغ وقت مقرر کرکے سورۃ لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ اکیس۲۱ مرتبہ پڑھ کر انگشت شہادت پر دم کرے اور اپنے ظالم دشمن کا تصور کرکے انگشت شہادت سے اس کے قلب کی طرف ضرب کا اشارہ کرے۔ یہ عمل ایک جلسہ میں تین مرتبہ کر کے اُٹھ جائے۔ اگلے روز اسی وقت پھر یہی عمل کرے چند روز تک مسلسل یہ عمل کرنا ہے ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن مغلوب ہوگا اور اس کے ظلم سے نجات حاصل ہوگی۔

نقش برائے مقہوری اعداء

ذیل کا نقش زعفران سے لکھ کر بازو پر باندھا جائے

(عطیہ شاہ عبد الغنی پھول پوری رح)

ق	ا	ھ	ر
ھ	ر	ق	ا
ر	ھ	ا	ق
ا	ق	ھ	ر

نقش برائے ہر مرض (حضرت مولانا گنگوہی رح و مولانا رفیع الدین صاحب رح)

 ++ ۱۱۱۱ ھ م

۱۱۱۵

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

یہ نقش لکھ کر مریض کے گلے میں باندھیں۔

آیات الشفاء برائے ہر مرض

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ۔ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ۔ وَيَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ

فِيْهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاءٌ۔

ان آیات کو پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں یا لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

بچے کے غیر معمولی رونے کا علاج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ

لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔

جو بچہ ماں کا دودھ نہ پیئے اسکا علاج

یہ آیت لکھ کر اس کے گلے میں باندھیں۔

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۝ (سورۂ آل عمران پ۳۔ ع۲) اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ۔ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

برائے گریہ طفل

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ۝ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ۝ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ۝ فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا (سورۃ النجم پ۲۷ ع۳) اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا۔ (سورۃ الفرقان پ۱۹۔ ع۳) (جو بچہ غیر معمولی طور پر روتا ہو اس کیلئے یہ دعا ایک کاغذ پر لکھ کر گلے میں موم جامہ کر کے باندھی جائے)

برائے درد زہ و سہولت پیدائش

مندرجہ ذیل آیات و اسماء چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی میں دھولیا جائے یہ پانی عورت کو پلائیں اور اس کے پیٹ پر بھی لگائیں۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ (سورۃ الانشقاق پ۳۰ ع۱) یَوْمَ یَرَوْنَهَا لَمْ یَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِیَّةً اَوْ ضُحٰهَا (نازعات پ۳۰ ع۲) لَمْ یَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ (پ۲۶ ع۴) لَقَدْ کَانَ فِیْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ (سورۃ یوسف پ۱۳ ع۶) وَلٰکِنْ تَصْدِیْقَ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ وَتَفْصِیْلَ کُلِّ شَیْءٍ وَّهُدًی وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ (سورۃ یوسف پ۱۳ ع۶)

ایضاً برائے سہولت ولادت

مندرجہ ذیل دُعا چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھولیں یہ پانی عورت کو پلایا جائے اور ہاتھ پر لگا کر عورت کے پیٹ پر بھی لگائیں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ صَدَقَ اللّٰهُ الْعَظِیْمُ الْکَرِیْمُ کَاَنَّهُمْ یَوْمَ یَرَوْنَ مَا یُوْعَدُوْنَ لا لَمْ یَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ (پ۲۶ ع۴)

برائے اولاد

جس شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو چالیس روز تک دو بیضہ مرغ کے ہر روز پانی میں اُبال کر چھلکا اُتار کر

ایک بیضہ پر یہ آیت لکھے۔ وَالسَّمَآءَ بَنَیْنٰهَا بِاَیْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ (پ۲۷ ع۲) یہ بیضہ مرد کو کھلایا جائے اور دوسرے بیضہ پر یہ آیت لکھے۔ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ (پ۲۷ ع۲) یہ بیضہ عورت کو کھلایا جائے چالیس روز یہ عمل مسلسل کیا جائے۔

اولاد نرینہ کے لئے

جس عورت کے لڑکیاں پیدا ہوتی ہیں لڑکا نہ ہو جب حمل تین مہینہ کا ہو جائے۔ اس وقت یہ آیت کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے پیٹ کے بائیں جانب باندھے انشاءاللہ اولاد نرینہ ہوگی۔ آیت یہ ہے۔

لَا یَرَوْنَ فِیْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِیْرًا (پ۲۹ دہر)

برائے اولاد نرینہ

جب حمل پر تین ماہ گزر جائیں تو ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران و گلاب سے یہ آیتیں لکھیں اور اس کو عورت کے گلے یا بازو وغیرہ پر باندھیں۔

اَللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ه عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ (سورۃ الرعد پ۱۳ ع۸) اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلٰمِ نِ اسْمُهٗ یَحْیٰی لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا ه (سورۃ مریم پ۱۶ ع۴) بحق یحییٰ و مریم و عیسیٰ اعطنا ابنا صالحا طویل العمر بحق سیدنا محمد صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ۔

برائے انعقاد حمل

جس عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو یہ نقش لکھ کر اس کی ران پر باندھا جائے۔

عه	عه	عه	عه
وا	وا	وا	وا
۹	۹	۹	۹
۷	۷	۷	۷

حفاظت حمل از ام الصبیان

سورۃ والشمس و ضحٰھا اکتالیس مرتبہ ہر مرتبہ مع درود شریف و بسم اللہ کے پڑھے اور اجوائن و سیاہ مرچ دم کرکے اور چند دانے اجوائن کے اور دو تین دانے سیاہ مرچ کے حاملہ کو کھلائے جائیں اور بچہ پیدا ہونے کے بعد بھی بچے کا دودھ چھوٹنے تک یہ سلسلہ جاری رکھے (از ملفوظات حضرت حکیم الامت تھانویؒ)

برائے اصلاح بین الزوجین

آیت ۔ وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَیْنِیْ. سات سو مرتبہ پڑھ کر شیرینی پر دم کریں جس کو کھلائیں اُن کے درمیان محبت و اتفاق ہو جائے گا۔

برائے اصلاح بین الزوجین

آیت ۔ وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا۔ (پ الفجر) کو سات مرتبہ کسی کھانے پر پڑھ کر جس کو کھلایا جائے اُن دونوں میں محبت و اتفاق ہو جائے گا۔

دفع متلی و قے و اضطرار قلب

مندرجہ ذیل کلمات زبان سے کہے انشاء اللہ تکلیف

دور ہو جائے گی محمد صلی اللہ علیہ وسلم بیٹے عبد اللہ کے عبد اللہ بیٹے ہاشم کے ہاشم بیٹے عبد مناف کے۔

نیند میں بڑبڑانے کا علاج

اسماء الٰہیہ میں سے یہ چودہ نام لکھ کر گلے میں باندھ لے خواب اور نیند میں بکواس اور بڑبڑانے کی عادت چھوٹ جائے گی وہ نام یہ ہیں. اَلْغَفَّارُ اَلْوَهَّابُ۔ اَلْقَهَّارُ۔ اَلْفَتَّاحُ۔ اَلْقُدُّوْسُ۔ اَلرَّحْمٰنُ۔ اَلرَّحِیْمُ اَلشَّهِیْدُ۔ اَلصَّمَدُ۔ اَلْمَلِكُ۔ اَلْعَظِیْمُ۔ اَلْكَرِیْمُ اَلْاَكْرَمُ۔

برائے شے گمشدہ

جس وقت گم ہونے کی خبر ملے فوراً بلا تاخیر اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ ہ گیارہ مرتبہ پڑھ لے انشاء اللہ گمشدہ چیز مل جائے گی. مجرب ہے۔

برائے گمشدہ یا گریختہ

سورہ والضحٰی بتمامہ (مکمل) ایک کاغذ پر لکھیں اس کے چاروں گوشوں پر خلفاء راشدین کے نام لکھے اس تعویذ کو چرخہ پر باندھ کر اُلٹا پھرائے اس طرح اکیس مرتبہ اُلٹا پھرائے اور اکتالیس روز تک یہ عمل جاری رکھے۔

ایضاً برائے گمشدہ شے یا شخص

یَا حَفِیْظُ ایک سو نوے مرتبہ پڑھے اس کے بعد۔ یٰبُنَیَّ اِنَّهَا اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ط اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ۔ بھی ایک سو نوے مرتبہ پڑھے۔

گمشدہ کیلئے یہ دعا بکثرت پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ چیز یا شخص واپس آجائے گا۔ اَللّٰھُمَّ رَادَّ الضَّالَّۃِ وَھَادِیَ الضَّلَالَۃِ اَنْتَ تَھْدِیْ مِنَ الضَّلَالَۃِ اُرْدُدْ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ بِقُدْرَتِکَ وَسُلْطَانِکَ۔

قوتِ حافظہ اور دفع نسیان کیلئے تفسیر ابن کثیر ج۱ ص۲۰۸ میں حضرت ابوہریرہ رض سے روایت کی ہے کہ آیۃ الکرسی کو بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر زعفران سے لکھ کر چاٹنا اور سات مرتبہ لکھ لکھ کر چاٹنے کا عمل کرنا نافع اور مفید ہے۔

برائے تحصیل علم اور امتحان طلبہ یَا عَلِیْمُ تَعَلَّمْتُ بِالْعِلْمِ وَالْعِلْمُ فِیْ عِلْمِ عِلْمِکَ یَا عَلِیْمُ۔ اس دعا کو صبح کی نماز کے بعد پچیس ۲۵ مرتبہ باقی نمازوں کے بعد تین تین مرتبہ پڑھا کریں۔

ایضاً امتحان کی کامیابی کے لئے بعد نماز صبح سَو مرتبہ آیت کریمہ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ پابندی سے پڑھا کریں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

حمل اور بارآور درخت کے پھل کی حفاظت کیلئے اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَکَھُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِہٖ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا

(پ۲۲ سورہ فاطر)

وَلَہٗ مَا سَکَنَ فِی اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ (انعام - ۱۳)

وَلَبِثُوْا فِیْ کَھْفِھِمْ ثَلٰثَ مِائَۃٍ سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

(حاملہ کے گلے میں لکھ کر باندھے اور اسی طرح درخت کی شاخ پر باندھے)

دودھ دینے والے جانور کو نظر بد لگنے کا علاج

(از حکیم عبدالوہاب انصاری رح)

جو جانور نظر بد لگنے سے دودھ دینا بند یا کم کردے اس کے لئے گوندھا ہوا آٹا خمیر کرکے اس میں نمک ڈال کر آیت ذیل اس پر دم کرکے جانور کو کھلائیں انشاء اللہ نظر بد دور ہوگی آیات یہ ہیں۔

وَاِنَّ لَکُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَۃً نُسْقِیْکُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِہٖ مِنْ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ۔ (پ۱۴ ع۱۴)

نظر بد کا دفعیہ جس انسان یا جانور یا درخت کھیت وغیرہ کو کسی کی نظر بد لگی ہو اس پر تین مرتبہ پڑھے۔ مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

برائے درد ہر قسم درد کی جگہ ہاتھ رکھ کر گیارہ سو مرتبہ یہ دعا پڑھے: اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ۔

بچھو کاٹنے کا علاج

اِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا وَّ اَكِيدُ كَيْدًا ۔ درد کی جگہ ہاتھ رکھ کر یہ دُعا تین مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور ہاتھ ہٹالیں پھر اسی طرح چند بار کریں۔

زہر خوردہ کا علاج

جس شخص نے کوئی زہر کھالیا ہو۔ اس کو مندرجہ ذیل نقش اور دُعا لکھ کر پانی سے گھول کر پلادیں انشاء اللہ زہر اثر نہ کرے گا۔ نقش یہ ہے۔

طه	طه	طه	طه
طه	طه	طه	طه
طه	طه	طه	طه
طه	طه	طه	طه

وننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمومنين ولا يزيد الظالمين الا خسارًا

برائے اختلاج قلب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الذين امنو وتطمئن قلوبهم بذكر الله۔ الا بذكر الله تطمئن القلوب (پ۱۳ ع۲)
وربطنا على قلوبهم لولا ان ربطنا على قلبها لتكون من المؤمنين (پ۲۰ ع۱) وليربط على قلوبهم۔ (پ۹ ع۲)

یہ آیات کاغذ پر لکھ کر گلے میں اس طرح ڈال دیں کہ تعویذ قلب پر رہے یا کرتہ وغیرہ میں اس جگہ ٹانکہ لگالیں۔

سگِ دیوانہ کے کاٹنے کا علاج

آیت۔ اِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا وَّ اَكِيدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۔ کو روٹی کے اوپر لکھ کر مریض کو کھلادیں۔ اکتالیس روز تک یہ عمل جاری رکھیں۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

عملیات حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحب عثمانی قدس سرہٗ

سابق مفتی اعظم دارالعلوم دیوبند

برائے دردِ سر

۷۸۶

ھو	ھو
ھو	ھو

اس تعویذ کو کپڑے میں لپیٹ کر سر پر باندھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ درد فوراً موقوف ہو گا۔

برائے تپ ولرزہ

ع ططط ططط ططط ططط ٥

مذکورہ نقش مریض کے گلے میں باندھیں جس وقت سردی سے بخار شروع ہو۔ اس وقت ایک تعویذ پانی میں گھول کر پلائیں اور جب لرزہ پوری شدت پر پہونچ جائے اس وقت دوسرا تعویذ گھول کر پلا دیں۔ تیسرا تعویذ لرزہ ختم ہونے کے بعد پلا یا جائے پھر دوسرے روز اسی طرح تین تعویذ لکھ کر گلے میں باندھ دیں۔ اوّل تو انشاءاللہ تعالیٰ بخار نہیں چڑھے گا لیکن اگر بخار کی نوبت آئے تو تینوں تعویذ حسب ترکیب گھول کر پلا دیں اس طرح تین روز عمل کریں انشاءاللہ تعالیٰ پہلے ہی روز کامیابی ہو گی۔ اگر اوّل دن ہی

بخار سے نجات مل جائے تو تعویذوں کو گلے میں بندھا رہنے دیں بعد ازاں ان کو کسی جنگل کے کنویں یا دریا وغیرہ میں ڈال دیں۔

برائے حل مشکلات وتسخیر حکام وفراخی رزق

نقش اَللّٰہُ الصَّمَد

۸	۱۱	۱۸۰	۱
۱۷۹	۲	۷	۱۲
۳	۱۸۲	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۸۱

اس نقش کی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سوا لاکھ مرتبہ یہ نقش لکھ کر گولیاں بنائیں اور دریا میں بہا دیں پہلے تخمینہ کرلیں کہ مذکورہ تعداد کتنے دنوں میں پوری ہو گی بعد ازاں اس کے مطابق روزانہ لکھا کریں کمی بیشی نہ ہو پہلے دن جتنے نقش لکھے جائیں ان میں سے صرف ایک کے اوپر "اَللّٰہُ الصَّمَد" لکھ کر اپنے پاس رکھے باقی نقوش دریا میں بہا دیئے جائیں، دوسرے روز جو نقوش لکھے جائیں ان میں سے ایک پر "اللہ الصمد" لکھ کر اپنے پاس رکھ لے اور دیگر تمام نقوش جن پر "اَللّٰہُ الصمد" نہیں لکھا گیا ہے اور سابق دن کا وہ نقش جس پر "اَللّٰہُ الصَّمَد" لکھا تھا سب کو دریا میں بہا دے اسی طرح ہر روز کرے یہاں تک کہ تعداد مطلوب پوری ہو جائے۔

برائے حل مشکلات اور فراخی رزق اور تسخیر حکام

۷۸۶

۲۱	۲۶	۱۹
۲۰	۲۲	۲۴
۲۵	۱۸	۲۳

ترکیب زکوٰۃ یہ ہے کہ جب چاند کی پہلی تاریخ چہارشنبہ کو واقع ہو تو اوّل روز ایک نقش لکھے اور دوسرے روز دو اور تیسرے روز تین علیٰ ھذا ہر روز ایک نقش بڑھاتا جائے یہاں تک کہ چھیاسٹھ تک پہونچ جائے تو بعد ازاں ہر روز ایک نقش کم کرنا شروع کردے اور جب نوبت ایک پر آجائے روزانہ ایک نقش پابندی سے لکھا کرے اگر ہوسکے تو لکھے ہوئے نقوش کو روزانہ ورنہ سات آٹھ روز کے بعد دریا میں بہادیا کرے۔ روزانہ ایک نقش لکھنا ضروری ہے۔ اگر ناغہ ہوگیا تو از سر نو زکوٰۃ کی ادائیگی ضروری ہوگی۔

عملیات

حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی قدس سرہ

گنڈہ برائے آسیب زدہ گیارہ تار نیلا یا سیاہ سوت کچا ڈیڑھ گز لمبا لے کر اکتالیس بار آیت ذیل پڑھیں اور ہر دفعہ گرہ لگاکر اس کے اندر دم کرکے بند کردیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا ۝ فَمَھِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًا ۝

گنڈہ برائے سہولتِ دندان سات تار کا بارہ گرہ لمبا کچا سوت نیلا یا سیاہ لے کر سورت اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَھَا ۝ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَھَا ۝ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَھَا ۝ یَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَھَا ۝ بِاَنَّ رَبَّکَ اَوْحٰی لَھَا ۝ یَوْمَئِذٍ یَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا لِّیُرَوْا اَعْمَالَھُمْ ۝ فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ خَیْرًا یَّرَہٗ ۝ وَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ شَرًّا یَّرَہٗ ۝ سات بار پڑھیں اور ہر دفعہ گرہ لگاکر حسب معمول دم کردیں پھر ہر گرہ پر جدھر ختم کرکے گرہ لگائی ہے اس کے اوپر سے اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَحُقَّتْ ۝ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَاَلْقَتْ مَا فِیْھَا وَتَخَلَّتْ ۝ ایک ایک بار دم کرتے چلے جائیں پھر ایک ایک بار اس طرح سے جہاں اب ختم کیا ہے۔ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ۝ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝ دم کرتے


ہوتے چلے آئیں۔

گنڈہ برائے حفاظت حمل

گیارہ تار نیلا یا سیاہ سوت ڈیڑھ گز لمبا کر کے سورہ یٰسین پوری پڑھیں اور ہر مبین پر ایک گرہ لگا کر دم کر دیں پھر اس کو حاملہ کے پیٹ پر باندھ دیں۔ رکل سات گرہ ہوں گی۔ حمل اسقاط سے محفوظ رہے گا ان شاء اللہ تعالٰے۔

جھاڑ برائے اورسا جس کو میٹھا اور پسلی چلنا بھی کہتے ہیں

چاقو سے پاک زمین پر سات لکیریں اس طرح ||||||| کھینچ کر اور بچہ کا پیٹ اپنی طرف کر کے کپڑا اٹھا کر دائیں ہاتھ میں چاقو لے کر بچہ کے پیٹ کی طرف سے اشارہ کر کے ان لکیروں پر لاتا رہے اور سات بار یہ آیت پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ۝ اور بچہ کے پیٹ اور سینہ پر دم کر دے اور کبھی کبھی چاقو کو آہستہ سے اس پسلی کو چھواتا ہوا جو چل رہی ہے اور پیٹ کو چھواتا ہوا زمین پر لاوے سات دفعہ دعا پڑھ کر ایک لکیر سے کاٹتا رہے جس کی شکل یہ ہے ←



جب سات لکیریں ہو جائیں پس دم کر کے بچہ کو اٹھا دیا جائے اور بچہ کو پیشاب کرا دیں صبح اور شام تین روز تک جھاڑا جائے۔ باِذْنِ اللّٰهِ مرض دفع ہو جاوے گا۔

برائے دورہ کمیٹر

جب بچہ کو مسان کا دورہ پڑ رہا ہو تو سات بار الحمد پوری

اور سات بار سورۂ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ پوری اور سات بار درود شریف نماز والا پڑھ کر دم کرے اور پڑھتے ہوئے دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت کو سینہ اور پیٹ پر پھیرتا رہے۔

گنڈہ برائے بواسیر خونی

کچا سوت سُرخ رنگ ڈیڑھ گز لمبا اکیس۲۱ تارے کر سورہ تَبَّتْ يَدَآ اَبِیْ لَهَبٍ پوری اکیس۲۱ بار پڑھ کر گرہ لگاتا اور دم کرتا رہے پھر الٹی طرف سے ہر گرہ پر لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔ ایک بار دم کر دے پھر سیدھی طرف سے ایک بار ہر گرہ پر وَقِیْلَ یٰۤاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۝ دم کرتا چلا جائے اور بواسیر والے کی کمر پر باندھ دیا جائے۔ باذن اللہ بہت جلد آرام ہو جائے گا۔

برائے حفاظت از مار و کژدم وغیرہ جانورانِ موذیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ گیارہ بار صبح اور شام اوّل و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھا جائے۔ اعتقاد کامل ہو۔

ایضاً برائے حفاظت جانوران موذیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ

السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ط تین بار صبح وشام پڑھا جائے ۔


ازالہ سحر

سات پتے بیری کے لیکر اُن کو پیسیں اور سات کنووں یا نلوں کا پانی لے اور اس میں گھول لیں اس پانی پر اکیس اکیس ۲۱ ۲۱ مرتبہ آیۃ الکرسی، سورہ الفلق اور سورہ الناس پڑھ کر پانی پر دم کردیں اور اس پانی کے تین گھونٹ مریض کو پلائیں اور بقیہ سے مریض کو غسل دیں غسل کا پانی ایسی جگہ گھر سے باہر دفن کردیں جہاں ناپاکی (پیشاب پاخانہ) نہ کرتے ہوں۔ یہ عمل چودہ ۱۴ دن کیا جائے انشاء اللہ مکمل افاقہ ہوگا غسل صبح کو قبل زوال کیا جائے ۔

عملیات حضرت مولانا شاہ عبد الحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ

تعویذ برائے چیچک

اس تعویذ کو لکھ کر تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے اور سوا روپیہ تعویذ لینے والا خیرات کرے ۔



تعویذ برائے حفاظت از ہیضہ

اس تعویذ کو لکھ کر بازو پر باندھ دے اور تعویذ باندھنے والے کی طرف سے سوا روپیہ خیرات کرے ۔

تعویذ یہ ہے :-

الٰہی بحرمت حضرت شیخ محمد صادق اکابر اولیا ولد حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہما از شر بلائے وبا نگہدار

اللہ شافی اللہ شافی

تعویذ برائے حفاظت اطفال

اس سے بچے ہر بلا سے محفوظ رہیں گے. اس تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچوں کے گلے میں ڈال دے اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے حفاظت میں

رکھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اعوذ بکلمات اللہ التامات کلہا من شر ما خلق بسم اللہ خیر الاسماء بسم اللہ رب الارض و رب السماء بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شئ فی الارض و لا فی السماء وہو السمیع العلیم۔

عملیات وتعویذات

حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ

مایوس العلاج مریض اور تپ دق اور ٹھہرے ہوئے بخار کیلئے مفید عمل

(۱) باوضو تازہ پانی پر جو کوری ہانڈی یا کورے گھڑے میں ہو سورۃ فاتحہ ہر مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بوصل میم رحیم بلام الحمد (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الحمد) ۱۰۱ ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر اور معوذتین (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ) گیارہ گیارہ مرتبہ اور قُلْنَا یٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ۔ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور بوقت صبح نہار منہ قبل طلوع شمس جس قدر پیا جائے زیادہ سے زیادہ پلائیں اور اس کے پینے کے بعد آدھ گھنٹہ تک کوئی دوا یا غذا نہ دیں۔ آدھ گھنٹہ گذر جانے کے بعد جو چاہیں کھلائیں، پلائیں اور باقی ماندہ (بچا ہوا) پانی ہی دن رات میں جب بھی پیاس لگے پلایا جائے۔ اگلے دن صبح تک یہی پانی پلایا جائے۔ اگلے روز کے لئے وہ پانی باقی ماندہ (بچا ہوا) کسی پاک جگہ میں جہاں پیر نہ پڑتے ہوں گرادیں اور دوسرا تازہ پانی حسب سابق پڑھ کر استعمال کرائیں۔ یہ عمل چالیس روز تک متواتر کیا جائے کورا گھڑا یا برتن وہی رہے گا بدلا نہ جائے گا۔

(ب) دوسرا عمل عصر کے بعد سورۃ مجادلہ (پارہ ۲۸ کے شروع کی سورت) تین بار پڑھ کر ہر مرتبہ مریض پر پھونکا کریں یہ بھی متواتر چالیس روز تک عمل میں لائیں۔

یہ عمل حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنی رح کے تجربہ میں رہا ہے اور الحمدللہ متعدد مایوس العلاج حضرات شفایاب ہوتے ہیں۔

ردِ سحر یا آسیب کے دفعیہ کا عمل : (ا) سفید مرغ کو باوضو ذبح کر کے اس کے تازہ خون سے ایک کاغذ پر " جادو بس سر جادوگس " لکھ کر جہاں وہ مریض سویا کرتا ہے اس کاغذ کو چھت پر لٹکا دیں۔ اس طرح سے کہ کاغذ مذکورہ اس مریض کے سینہ پر رہے۔

(ب) ردِّ سحر کا عمل دیسی روشنائی سے مندرجہ ذیل اکتالیس[۴۱] نقش باوضو لکھے جائیں۔ نقوش کی خانہ پری ترتیب وار ہو گی یعنی خانوں کے خطوط کھینچنے کے بعد بسم اللہ کا عدد (۷۸۶) اوپر لکھنے کے بعد سب سے چھوٹا عدد (۲۱۵۶۲) اس کے خانہ میں سب سے پہلے اس کے بعد اس کے بعد والا عدد اور پھر اسی ترتیب سے جملہ اعداد اپنے اپنے خانوں میں درج ہوں گے۔

۷۸۶

۲۱۵۶۷	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۹
۲۱۵۶۸	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۴
۲۱۵۶۳	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۵

ان نقوش میں سے ایک نقش موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں پہنا دیا جائے اور باقی ماندہ کو روزانہ نہار منہ تازہ پانی میں دھو کر پلا دیا جائے۔ انشاء اللہ شفاء ہو گی۔

(ج) ردّ سحر کا عمل جاری پانی دریا یا نہر کا یا سات کنووں کا پانی ایک گھڑا (مٹکا) بھر کر اس پر باوضو مندرجہ ذیل آیات گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورۃ فلق اور سورۃ ناس گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور مریض کو اس پانی میں سے تین گھونٹ پلائیں اور باقی ماندہ (بچے ہوئے) پانی سے سر پر پانی ڈال کر نہلائیں۔ بلا ناغہ چالیس دن تک عمل کریں۔ آیات یہ ہیں۔

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ (۸۱) وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ (۸۲)

(سورہ یونس کی آیتیں ۸۱، ۸۲)

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (۱۱۸) فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ (۱۱۹) وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ (۱۲۰) قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ رَبِّ مُوْسٰی وَهٰرُوْنَ (۱۲۱)

(سورۃ اعراف کی چار آیات از ۱۱۸ تا ۱۲۱)

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى (۶۹)

(سورہ طٰہٰ کی آیت ۶۹)

یہ عمل اتوار کے دن سے شروع کیا جائے جاڑے میں دوپہر کو نہلایا جائے۔

(د) جادو (سحر) سے شفاء کا عمل

کھانے کے نمک کو پیس کر اس پر باوضو مندرجہ ذیل آیت ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ پڑھ کر پھونکئے اور کھانے میں صرف یہی نمک ملا کر دیا کیجئے چالیس دن متواتر ایسا ہی کھانا کھلایا کریں جس میں یہی نمک ڈالا گیا ہو۔ اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ یا تو اس کا کھانا علیحدہ پکایا جائے اور اس میں یہ نمک ڈالا جایا کرے یا گھر میں جو سالن پکتا ہے اس میں ابتداء سے نمک نہ ڈالا جایا کرے۔ جب سالن پک جائے تو مریض کے لئے کھانا علیحدہ نکال کر پڑھا ہوا نمک ملا دیں اور گھر کے کھانے میں بے پڑھا ہوا نمک حسب عادت ڈالا جائے۔ آیت حسب ذیل ہے۔

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۔

بچوں کے لئے سوکھا یا مسان کے لئے عمل

آدھ سیر یا سیر بھر یا زیادہ تل لیکر اس کو دھلوائیں پھر اس کا تیل نکلوائیں اور اس پر مندرجہ ذیل آیات باوضو پڑھ کر پھونکیں۔

(الحمد شریف) سورۃ فاتحہ معہ بسم اللہ آخر تک تین مرتبہ۔ آیۃ الکرسی (پ۳ رکوع ۲) تین مرتبہ والصّٰفّٰت سے من طین لازب تک (پ۲۳ رکوع) تین مرتبہ۔ سورۃ جنّ شروع سے شططا تک (پ۲۹ رکوع) تین مرتبہ۔ چاروں قل (قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ الخ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ الخ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ الخ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ الخ) تین

تین مرتبہ۔

اس کے بعد بچّہ کا سر منڈا کر روزانہ یہ پڑھا ہوا تیل سر سے پیر تک تمام جسم پر ملا کریں۔ کوئی جگہ تیل سے خالی نہ رہے ملنے کے بعد چاہیں تو بچہ کو صابن سے نہلا دیں یا تیل بدن پر لگا رہنے دیں۔ یہ عمل چالیس دن تک بلاناغہ کیا جائے انشاء اللہ مکمل فائدہ ہوگا۔

مرگی کے مریض کیلئے

۷۸۶ يَا قَهَّارُ اَنْتَ الَّذِيْ لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَا قَهَّارُ

۷۸۶ يَا مُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ بِقَهْرِ عَزِيْزِ سُلْطَانِهٖ يَا مُذِلُّ ۔

اتوار کے دن سورج نکلتے ہی پہلی گھڑی (اوّل وقت) میں تانبے کی تختی پر ہر ایک طرف ایک ایک عبارت کھدوا کر مرگی والے کے گلے میں پہنا دیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

دودھ کی کمی دور کرنے کا عمل

پسے ہوئے نمک پر۔ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ۔ اور آیت اِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ۝

باوضو گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور وہ نمک اڑد کی دال میں ڈال کر عورت کو کھلایا کریں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

ضعفِ بصر (کمزور بینائی) کے لئے

ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ آیہ کریمہ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ۔ پڑھ کر ہاتھ کے دونوں انگوٹھوں کی پشت پر دم کر کے آنکھوں پر پھیر لیا کریں۔

آنکھوں کی گئی ہوئی بینائی کیلئے

كَمْ اَبْرَأَتْ وَصِبًا بِاللَّمْسِ رَاحَتُهٗ
وَاَطْلَقَتْ اَرْبًا مِّنْ رِبْقَةِ اللَّمَمِ

مندرجہ بالا شعر روزانہ سات مرتبہ باوضو پڑھ کر مریض کی آنکھوں پر دم کر دیا کریں۔ انشاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا۔

وساوس شیطانی سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے

سورۃ الناس (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ) روزانہ سو مرتبہ پڑھ لیا کریں یہ اکسیر اعظم ہے۔

ہر قسم کے خطرات اور مشکلات کو دور کرنے کیلئے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ روزانہ پانچ تسبیح (یا پانچ سو مرتبہ) پڑھ لیا کریں ایک مجلس میں یا مجالس متعددہ میں۔

ہجوم احزان وہموم کے لئے

ہر نماز کے بعد سات مرتبہ سُوْرَۃُ اَلَمْ نَشْرَحْ آخر تک پڑھیں اور سوتے وقت ستر مرتبہ سورہ الم نشرح۔ اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر سینہ پر دم کر لیا کریں۔

چیچک کے دفعیہ کے لئے عمل

سورۃ رحمٰن نیلے دھاگے پر اس طرح پڑھے کہ ہر فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پر ایک گرہ لگا کر دم کر دیا کرے اور بطور حفظ ماتقدم بچوں کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ حفاظت رہے گی اور اگر چیچک نکل آئی ہو تو پڑھ کر دم بھی کر دیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

خاتمہ بالخیر ہونے کیلئے عمل

خاتمہ بالخیر کے لئے ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھی جائے۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔

قوّتِ حافظہ کیلئے

سورہ فاتحہ اکتالیس (۴۱) بار مع بسملہ روزانہ بعد عصر پڑھ کر سینہ پر دم کر لیا کریں۔

حفظ کے لئے

بچہ کے حفظ کیلئے ایک روٹی پر باوضو بروز جمعرات سات جگہ نیچے لکھی ہوئی آیت کو اس طرح لکھا جائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ

پھر ہر روز نہار منہ اس کو ایک ٹکڑا کھلایا جائے۔ یہ عمل سات

جمعرات تک رہے

تنگ دستی اور قرض سے سبکدوشی کیلئے

(ل) بعد نماز عشاء تنہا

بیٹھ کر یا وَهَّابُ چودہ سو چودہ [۱۴۱۴] بار پڑھ کر یہ ذیل کی دعا ایک سو [۱۰۰] مرتبہ پڑھا کریں۔

یَا وَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ اوّل آخر درود شریف پڑھنا چاہیئے۔ مداومت کریں۔

تنگ دستی دُور کرنے کا عمل

بعد نماز صبح سورۃ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ	(آخر تک)	۲۱ مرتبہ
بعد نماز ظہر سورۃ "	" " " "	۲۲ مرتبہ
بعد نماز عصر "	" " " "	۲۳ مرتبہ
بعد نماز مغرب "	" " " "	۲۴ مرتبہ
بعد نماز عشاء "	" " " "	۲۵ مرتبہ

اوّل وآخر درود شریف پڑھنا چاہیئے۔ مداومت پر انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

قرض سے سبکدوشی کا عمل

سورہ فاتحہ مع بسم اللہ الخ بوصل میم رحیم و لام

اَلْحَمْدُ (اس طرح رحیمل حمد) فجر کی سنت فرض کے درمیان ۴۱ مرتبہ مع اوّل وآخر درود شریف اور بعد نماز عشاء یہ دعا سوتے وقت بستر پر سو اور تین مرتبہ اوّل وآخر درود شریف اور تین مرتبہ یہ

دعا پڑھ لیا کرے۔

اَللّٰهُمَّ ربّ السمٰوٰت ورب الارضین و ربنا و ربّ كل شئ فالق الحب والنوىٰ و منزل التوراة والانجيل والقرآن اعوذ بك من شر كل ذى شر انت الاول فليس قبلك شئ وانت الاٰخر فليس بعدك شئ والظاهر فليس فوقك شئ والباطن فليس دونك شئ اقض عنى الدين و اغننى من الفقر۔

تنگ دستی سے نجات حاصل کرنے کا عمل

روزانہ مغرب یا عشاء کے

بعد سورۂ مزمّل گیارہ مرتبہ اوّل وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھا کریں اور جب فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا پر پہنچا کریں تو پچیس مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھا کریں انشاء اللہ تنگدستی دفع ہو جائے گی یہ عمل دائمی ہونا چاہیئے۔

وسعت رزق کے لئے

تہجد کے وقت اوّلاً دو رکعت نماز بہ نیت وسعت رزق پڑھیں۔ پہلی

رکعت میں بعد از سورۂ فاتحہ لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ آخر تک پچیس [۲۵] مرتبہ اور دوسری رکعت میں بعد از فاتحہ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ آخر تک پچیس [۲۵] مرتبہ پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد درود شریف سو [۱۰۰] مرتبہ پڑھ کر کھڑے ہو کر یَا وَهَّابُ چودہ سو [۱۴۰۰] مرتبہ نہایت خضوع وخشوع کے ساتھ پڑھا کریں۔ اگر کھڑے ہو کر پڑھنے میں معذوری ہو

تو بیٹھ کر پڑھیں اس نماز پر مداومت کریں اور مسواک کرنے میں سستی نہ کیا کریں۔ ہر وضو کے ساتھ مسواک کیا کریں۔

قرضہ کی ادائیگی کے لئے

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔ روزانہ کسی وقت سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

ہر قسم کے خطرات اور مشکلات کو دور کرنے کیلئے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ روزانہ پانچ تسبیح (پانچ سو مرتبہ) پڑھ لیا کریں ایک مجلس میں یا مجالس متعددہ میں۔

نماز حاجت

چار رکعت نماز بہ نیت قضاء حاجت جس وقت ممکن ہو پڑھا کریں۔ مگر بہتر ہے کہ شب جمعہ میں پڑھا کریں مندرجہ ذیل طریقہ پر:۔

پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِى الْمُؤْمِنِيْنَ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد رَبِّ اَنِّىْ مَسَّنِىَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۔ تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد اُفَوِّضُ اَمْرِىْٓ اِلَى اللّٰهِ ۔ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ اور چوتھی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ۔

بعد ختم نماز کے سو مرتبہ رَبِّ اَنِّىْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۔ یہ نماز

بہت مفید ہے۔

تکلیف تنفس کے لئے

یَا حَمِیْدُ روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھا کریں اور چودھویں رات میں کورے برتن میں "سُوْرَةُ النَّاس" لکھیں اور اس میں پانی بھر کر کچھ پیئں اور باقی سے وضو کریں۔

اغوا شدہ لڑکی یا لڑکے کی بازیابی کے لئے

یَا حَفِیْظُ ایک سو انیس (۱۱۹) مرتبہ پھر یٰبُنَیَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِىْ صَخْرَةٍ اَوْ فِى السَّمٰوٰتِ اَوْ فِى الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ (سورہ لقمان ع ۲) ایک سو انیس (۱۱۹) مرتبہ پڑھا کریں۔ انشاء اللہ گم شدہ لڑکی یا کوئی بھی شئے ہو واپس آجائے گی۔

گم شدہ لڑکی یا لڑکے یا چیز کی بازیابی کے لئے

اَمْسَيْتُ فِىْ اَمَانِ اللّٰهِ وَاَصْبَحْتُ فِىْ جِوَارِ اللّٰهِ۔ سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی۔

گمشدگی کیلئے یہ عمل بھی بہت مجرب ہے

سورۂ ضحٰی (پ ۳۰) سات مرتبہ پڑھیں پھر اپنے اوپر انگشت شہادت پھیریں اور سات مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات کہیں۔ وَاَصْبَحْتُ فِىْ اَمَانِ اللّٰهِ وَاَمْسَيْتُ فِىْ جِوَارِ اللّٰهِ۔ وَاَمْسَيْتُ فِىْ اَمَانِ اللّٰهِ وَاَصْبَحْتُ فِىْ جِوَارِ اللّٰهِ۔ پھر دستک دیں

ہر صبح و شام کو تا واپسی مفرور یا ضائع شدہ شے. عمل میں لاویں ۔
انشاء اللہ ضرور مقصد برآری ہو گی ۔

ناجائز تعلقات سے بچاؤ کا عمل

صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سورۃ فاتحہ ترکیب ذیل سے پڑھی جائے .

(۱) بسم اللہ کے آخر کے میم کو الحمد للہ کے لام سے ملا دو (اس طرح الرَّحِيمِلْ حَمْدُ) .

(۲) یہ عمل اتوار کے دن سے شروع کیا جائے . اس طرح کہ :۔
اتوار کے روز صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ستر (۷۰) مرتبہ

پیر	〃	〃	〃	〃	ساٹھ (۶۰)	〃
منگل	〃	〃	•	〃	پچاس (۵۰)	〃
بدھ	〃	〃	〃	〃	چالیس (۴۰)	〃
جمعرات	〃	〃	〃	〃	تیس (۳۰)	〃
جمعہ	〃	〃	〃	〃	بیس (۲۰)	〃
ہفتہ	〃	〃	〃	〃	دس (۱۰)	〃

روزانہ اوّل و آخر سات سات مرتبہ درود شریف ضرور پڑھیں ۔

عمل برائے حل مشکلات

يَا بَدِيعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيعُ. قضائے حاجات مہمہ (مشکلات کے حل کے لئے) روزانہ بارہ سو (۱۲۰۰) مرتبہ پڑھیں. اوّل و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ.
اگر کسی مرض سے شفاء مقصود ہو تو بِالْخَيْرِ کی جگہ بِالشِّفَاءِ پڑھیں

یعنی يَا بَدِيعَ الْعَجَائِبِ بِالشِّفَاءِ يَا بَدِيعُ ۔
اگر کسی دشمن کا مقہور ہونا مقصود ہو تو بِالْخَيْرِ کی جگہ بِالْقَهْرِ پڑھیں ۔

مزاروں پر حاضری کے وقت مندرجہ ذیل طریقہ اختیار کیا جائے

قبرستان میں پہنچنے پر یہ کہا جائے ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا دَارَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ وَاِنَّا اِنْشَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ اَجْمَعِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۔

پھر درود شریف تین بار ۔ سورہ فاتحہ تین بار ۔ سورہ اخلاص بارہ بار ۔ درود شریف تین بار پڑھ کر صاحب مزار کو بخش کر اس کے تمام گرد و پیش کے مدفونین کے لئے دعاء مغفرت کریں

تقریر میں زبان کھلنے کیلئے

چھوٹے مجمعوں میں خود بخود دکھڑے ہو جایا کریں . تقریر سے پہلے سات یا پانچ یا تین دفعہ سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ، اور رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ . پڑھ کر سینہ پر دم کر لیا کیجئے . انشاء اللہ اعانت خداوندی شامل حال ہو گی . نیز خالی کمرہ بند کر کے یہ تصور کرتے ہوئے کہ مجمع حاضر ہے تقریر کرنے کی مشق کچھ دنوں کی جائے ۔ البتہ مضامین کو غور سے مطالعہ کیا جائے اور جس مضمون

پر تقریر کرنی ہو اگر ممکن ہو تو اوّلاً تنہائی میں اس پر دو تین مرتبہ یا کم از کم ایک دفعہ تقریر کر لی جائے۔

الفاظ کی چمک دمک کی طرف متوجہ ہونا سخت غلط ہے۔ نیت کی درستی ضروری ہے۔ اپنی شہرتِ تقریر، لوگوں کی واہ واہ، ریا و سمعہ وغیرہ مقصود نہ ہونی چاہئے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان شاء اللہ اعانت ہو گی ...... ڈرنا اور مرعوب ہو کر پیش قدمی سے جھجکنا سخت غلطی ہے۔

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کیلئے

غسل کرکے (شب جمعہ میں) دھوتے ہوئے یا نئے کپڑے پہنے، خوشبو لگائے، پاک و صاف جگہ میں اگر بتی جلاکر دو رکعت نماز بہ حصول زیارت پڑھے۔

ہر رکعت میں بعد از سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) پچیس ۲۵ مرتبہ سورۃ اخلاص (قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ) پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد (صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ) ایک ہزار مرتبہ پڑھے پھر اسی جگہ پر قبلہ رو داہنی کروٹ پر سو جائے۔ اگر اس شب میں زیارت ہو گئی فبہا ورنہ اگلی شب میں بھی ایسا ہی کیا جائے ان شاء اللہ اگلے جمعہ تک یہ شرف حاصل ہو جائے گا۔

دانت جلد اور بآسانی نکلنے کا نسخہ

بچے کے مسوڑوں پر روزانہ دو تین مرتبہ شہد مل دیا کریں تو ان شاء اللہ دانت جلد اور بآسانی ظاہر ہو جائیں گے۔

عملیات حضرت مولانا اعزاز علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

سابق شیخ الادب والفقہ دارالعلوم دیوبند

برائے حُبّ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رب انی مغلوب فانتصر

بحب فلاں بفلاں

لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

۹ سہہ ا ام عمر سہیسہ سہہ ا ا ا ا ا

نوچندی منگل کی پہلی ساعت میں لکھا جائے اور روئی میں لپیٹ کر طالب باندھ کر مطلوب کے پاس جائے۔

نوٹ: بحب فلاں کے بجائے طالب و مطلوب کے نام تحریر کئے جائیں

برائے گمشدہ چیز یا شخص

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	۴

کوری ٹھیکری پر یہ نقش لکھے اور دوسری طرف چیز یا شخص کا نام لکھے دو پتھروں کے درمیان کونڈے سے بند کرکے رکھ دے کامیابی ہوگی۔

ایک نایاب تعویذ (از بعض عارفین)

جو شخص اس نقش کو اپنے پاس موم جامہ کرکے رکھے اگر قتل و غارت گری ہو رہی ہوگی اور وہاں سے گذرے گا تو کوئی دشمن انشاءاللہ تعالیٰ نظر اٹھا کر نہ دیکھے گا اور ہر مقصد میں اس کی برکت سے کامیابی ہوگی اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھے مرد سیدھے بازو پر باندھے اور عورت الٹے (بائیں) بازو پر باندھے۔ اگر گلے میں باندھے تب بھی کوئی حرج نہیں۔ بہت ہی مجرب ہے وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۵۶۱۸	۱۶۵۶۲۱	۱۶۵۶۲۵	۱۶۵۶۱۱
۱۶۵۶۲۴	۱۶۵۶۱۲	۱۶۵۶۱۷	۱۶۵۶۲۲
۱۶۵۶۱۳	۱۶۵۶۲۷	۱۶۵۶۱۹	۱۶۵۶۱۶
۱۶۵۶۲۰	۱۶۵۶۱۵	۱۶۵۶۱۴	۱۶۵۶۲۶

عملیات وتعویذات

حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ

حل مشکلات کیلئے سورہ یٰسین کا ورد

سورۃ یٰسین یوں پڑھے کہ ہر مُبِینٌ پر یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ گیارہ دفعہ پڑھے اور جب کلمہ کُنْ پر پہنچے تو یَا اَللّٰہُ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُّ یَا فَتَّاحُ۔ پڑھ کر ختم کرے۔ انشاءاللہ سب تکالیف کا خاتمہ ہو جائے گا۔

برائے دفع بلیّات

مصائب دور کرنے کے لئے مندرجہ ذیل دُعا بارہ ہزار دفعہ روزانہ بارہ دن متواتر اس طرح پڑھنی چاہیئے کہ اگر دن میں یہ تعداد پوری نہ ہو سکے تو شام کے بعد نیند سے پہلے پوری کرے۔ یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ۔

برائے قضائے حاجات

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۷۸۶ ھھ ھھھ

۶۶۶ ۶۶۶ ۶

ص م ہ و ⁂

اکتالیس عدد باوضو دیسی روشنائی سے لکھیں۔ ایک عدد موم جامہ

کرکے مریض کو پہنائیں اور روزانہ ایک عدد تازہ پانی سے دھوکر علی الصباح نہار منہ پلا دیا کریں۔

آسیب و امراض مزمنہ کے لئے ایک تعویذ گلے میں ڈالیں اور چالیس عدد پلائیں۔ رات کو نیند نہ آئے اور خواب متوحش نظر آئیں تو سات آٹھ تعویذ پلائیں اور ایک تعویذ گلے میں ڈال دیں۔

برائے حُبّ و بغض

یہ بیت ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھی جائے۔ اوّل و آخر سو سو مرتبہ درود شریف پڑھا جاتا ہے

هُوَ الْحَبِيْبُ الَّذِيْ تُرْجٰى شَفَاعَتُهٗ
لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْتَحِمِ

دم برائے تکالیف جسمانی

اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذْهِبِ الْبَاْسَ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ اِشْفِ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سُقْمًا۔ صبح اور عشاء کے بعد سات مرتبہ پڑھ کر ہاتھ پر دم کرے اور جہاں تک ممکن ہو بدن پر ملے

آسیب معلوم کرنا

یَا اَللّٰہُ

۷۸۶

۲	۴	۶	۸
۸	۶	۴	۲
۴	۲	۸	۶
۶	۸	۲	۴

یہ تعویذ لکھ کر مریض کو دکھایا جائے۔ اگر مریض دیکھ لے تو سمجھ لیا جائے کہ آسیب کا اثر نہیں ہے اور اگر نہ دیکھے تو سمجھو کہ آسیب کا اثر ہے۔

برائے مارگزیدہ، کژدم گزیدہ، زنبور گزیدہ وغیرہ

سُوْرَةُ النَّاسِ ۱۱ بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھتے جائیں اور دم کرتے جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پانچ منٹ تک شفا کامل ہو جاتی۔

یہی سورہ شریفہ نمک پر دم کرکے مارگزیدہ (سانپ کے ڈسے ہوئے) کو کھلایا جائے۔ تین مرتبہ یا گیارہ مرتبہ جتنا مناسب ہو۔

علم کی ترقی کے لئے

(۱) عشاء کی نماز کے بعد تین تسبیح رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا پڑھا کریں اور بعد میں درود شریف پڑھیں۔ (۲) کتاب کھولتے وقت پہلے درود شریف پھر "رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا" ایک بار۔ پھر درود شریف پڑھ کر کتاب پڑھنی شروع کریں۔

عملیات مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ

ناپاک جنات کے نقصان سے بچنے کا عمل

بیت الخلاء میں جانے سے پہلے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ پڑھنا چاہیئے تاکہ ناپاک جنات کے شر سے حفاظت رہے۔

ہر مشکل اور حاجت کیلئے

جو شخص بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو بارہ ہزار مرتبہ اس طرح پڑھے کہ ہر ہزار پورا کرنے کے بعد درود شریف کم از کم ایک مرتبہ ضرور پڑھے اور اپنے اور اپنے مقاصد کے لئے دُعا کرے پھر ایک ہزار کے بعد دعا کرے۔ اسی طرح بارہ ہزار کی تعداد پوری کرے۔ انشاء اللہ ہر مشکل آسان ہوگی اور ہر حاجت پوری ہوجائے گی۔

مقصد میں کامیابی کے لئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ۷۸۶ اعداد ہیں جو شخص ۷۸۶ مرتبہ لگاتار سات روز پڑھے اور اپنے مقصد کی دُعا کرے انشاء اللہ وہ مقصد پورا ہوگا۔

تسخیر قلوب کیلئے

جو شخص بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو ۶۰۰ (چھ سو) مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے تو لوگوں کے دلوں میں اس کی عزت وعظمت ہوگی اور کوئی اس سے بدسلوکی نہ کرسکے گا۔

آفات وبلیات سے حفاظت کیلئے

جو شخص محرم کی پہلی تاریخ کو ایک سو تیرہ مرتبہ (۱۱۳) پوری بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ایک کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ انشاء اللہ جملہ آفات ومصائب سے محفوظ رہے گا مجرب ہے۔

چوری اور شیطانی اثرات سے حفاظت

سونے سے پہلے اکیس ۲۱ مرتبہ پوری بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے تو چوری اور شیطانی اثرات سے اور اچانک موت سے محفوظ رہے گا۔

حافظہ تیز ہونے کیلئے

سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر پانی پر دم کرکے طلوع آفتاب کے وقت پئے تو ذہن کھل جائے گا اور حافظہ قوی ہوجائے۔

محبت کیلئے

سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ پوری بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر پانی پر دم کرکے جس کو پلائے اس کو گہری محبت ہوجائے (ناجائز کاموں میں استعمال سے وبال کا خطرہ ہے)۔

حفاظت اولاد کیلئے

جس عورت کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اکسٹھ (۶۱) مرتبہ لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے تو انشاء اللہ بچے محفوظ رہیں گے۔

کھیتی کی حفاظت کے لئے

ایک سو مرتبہ پوری بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لکھ کر کھیت میں دفن کرے تو کھیتی تمام آفات سے محفوظ رہے اور اس میں برکت ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

حکام کیلئے ایک کاغذ پر ۵۰۰ مرتبہ پوری بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لکھے اور اس پر ڈیڑھ سو مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے پھر اس تعویذ کو اپنے پاس رکھے تو حکام مہربان ہو جائیں اور ظالم کے شر سے محفوظ رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

درد سر کے لئے پوری بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اکیس ۲۱ مرتبہ لکھ کر درد والے کے گلے یا سر میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ درد بند ہو جائے گا۔

حاجت روائی کیلئے جو شخص صبح وشام یہ دُعا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔ سات مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام کاموں اور فکروں کا کفیل ہو جائے گا۔ اور اسکی تمام حاجتیں پوری اور مشکلات آسان ہو جائیں گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الحُبُّ : از مفتی محمد شفیع صاحبؒ

يكتب نقشين متوضيا ويغسل واحده بالماء و يوكل المحبوب كيف ما تيسر و يربط الحب الثانيه على عضده ثم بعد حصول المراد يشترى من الحلوان بقدر ۵/ (پانچ پیسے)، اور عـہ/۱ (سوا روپیہ) ويقسم على الفقراء و يوصله ثوابه الى روح الجيلانى قدس سره و يكتب حرف النقش بالخط العربى و نقش هكذا.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱

الحب	كما بين	آدم وحواء
الحب	كما بين	يوسف وزليخا

ایضاً برائے حُبّ

مجرب عطا فرمودہ حضرت مفتی اعظم مولانا عزیز الرحمن صاحبؒ

ان اسماء کو مغرب وعشاء کے درمیان لکھے اور محب کا نام اور اسکی والدہ کا اور مطلوب اور اسکی والدہ کا نام لکھے اور گھر میں دفن کرے۔

۱۱۱۱۹۱۹ سحها ويا مريد اجعلها ما اللاخذ حتى تاتى فلانة بنت

فلانۃ الی فلان ابن فلان و نفخ فی الصور فصعق
من فی السموت و من فی الارض الا ما شاء اللہ
ثم نفخ فیہ اخری فاذا ھم قیام ینظرون عجل اللہ
الوحا اللہ الطور انھم سابقون۔

ایضاً برائے حبّ یکتب یوم الاحد ویلقیہ فی النار۔ صلح صلح صلح صلح صلح
صلح صلح صلح عمح عمح عمح انس لہ تراھنا احد الاّ
الحق امازعار العجل العجل مھد ہٖ
فلان بن فلان علی حبّ فلان بن فلان

عملیات حضرت مولانا مفتی دین محمد خاں صاحبؒ

برائے ملازمت اگر کسی عہدے کے لئے کثیر درخواستیں گذر چکی ہوں اور کوئی شخص چاہتا ہے کہ اسکی درخواست منظور ہو تو تین روز تک مندرجہ ذیل آیت سات ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی ۔

نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ۔

برائے درد سر ازالہ درد سر کے لئے چودہ مرتبہ "یَا وَھَّابُ" ایک سانس میں پڑھ کر دم کرے اور پیشانی ہاتھ سے پکڑے انشاءاللہ تعالیٰ درد فوری جاتا رہے گا۔

تسکین قلب اور نیند کیلئے بَعْدَ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا کو ایک سو ستّر مرتبہ پڑھے انشاءاللہ قلب کو سکون حاصل ہوگا اور نیند آجائے گی ۔

دُعا برائے کشائش رزق جو شخص روزی نہ ہونے سے تنگ ہے یا مقروض ہونے کی وجہ سے پریشان ہے ایسے شخص کو چاہیئے کہ وہ چالیس روز تک بعد نماز عشاء باوضو قبلہ کی طرف منہ کرکے تنہائی میں بیٹھ کر آنکھیں بند کرے اور چار سو مرتبہ مندرجہ ذیل دُعا پڑھے۔ اگر ناغہ ہو جائے تو دن میں قضا کرے اور مطلوب کے حاصل ہونے کے بعد بھی ہمیشہ پڑھتا رہے انشاءاللہ رزق سے بے فکر رہے گا۔

استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم بدیع السموٰت والارض من جمیع جرمی وظلمی واسرافی علی نفسی واتوب الیہ ۔

رشتہ اور نسبت میں کامیابی کیلئے

جس شخص کی کنواری لڑکی ہو اور کوئی شخص اس کی نسبت کے لئے پیغام نہ دیتا ہو تو وہ تازہ وضو کرکے دو رکعت نفل پڑھے اور نماز سے فارغ ہو کر اپنے مقصد کو پیش نظر (دل میں) رکھتے ہوئے سو مرتبہ "یَا لَطِیْفُ" پڑھے انشاء اللہ ایک ماہ میں مقصد پورا ہو جائے گا۔ (کم از کم ایک ماہ عمل جاری رکھے)

امتحان میں کامیابی کیلئے

اگر کسی طالب علم کو نتیجہ امتحان کے بارے میں تشویش ہو تو وہ تین روز ایک نشست میں روزانہ باوضو قبلہ کی طرف منہ کرکے بیٹھے اور گیارہ ہزار مرتبہ "یَا حَسِیْبُ" پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ نتیجہ حسب مراد نکلے گا۔

چور وغیرہ سے مکان کی حفاظت کیلئے

رات کو سوتے وقت یہ آیت پڑھ کر سو جائے اگر چور گھر میں داخل بھی ہو جائے گا تو مالی نقصان نہ پہونچا سکے گا

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۝

مزمن امراض کے لئے

وہ دائم المرض شخص جس کی بیماری کسی طرح دور نہ ہوتی ہو یہ دعا ہمیشہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ صحت نصیب ہوگی۔

تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ

وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۔

حصول اولاد کیلئے

اگر کسی کے یہاں اولاد نہ ہوتی ہو یا زندہ نہ رہتی ہو تو اس عمل کو کرے " حٰمٓ اُلْاَمْرُ وَجَآءَ النَّصْرُ " ابتدائی مہینہ میں چاند نکل آنے کے بعد نو دن تک نماز مغرب کے بعد پڑھے، ایک سیب اپنے سامنے رکھ لے اور نو سو مرتبہ یہ عمل پڑھا جائے اور پڑھ کر سیب پر دم کر دیا جائے پھر یہ سیب خاوند بیوی نصف نصف کھالیں اس طرح نو دن تک نو سیب کھائیں اور دل میں یہ خیال جمایا جائے (اگر نہ ہوتی ہو اولاد تو) خدا اولاد دے (اور اگر زندہ نہ رہتی ہو تو) خدا تعالیٰ اولاد کو زندہ رکھے۔ آمین۔ بہت مفید و مجرب عمل ہے۔

استخارہ صحیحہ

اس کے برابر شاید ہی کوئی استخارہ تیر بہدف ہو۔ جو شخص اپنے کسی کام میں متردد ہو اور وہ اس کا انجام معلوم کرنا چاہتا ہو کہ اچھا ہے یا برا اس کو چاہیئے کہ بعد نماز عشاء تازہ وضو کرکے پاک بستر پر بیٹھے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے۔ پھر دس بار سورۃ فاتحہ۔ گیارہ بار سورۃ اخلاص اور آخر میں تین بار درود شریف بھیجکر داہنی کروٹ قبلہ کی طرف منہ کرکے سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں انجام معلوم ہو جائے گا۔ اگر تعبیر سمجھ میں نہ آئے تو کسی نیک اور سمجھدار شخص سے تعبیر معلوم کرے۔

ازالہ تفکرات کی دعا

روز و شب میں ایک سو ایک مرتبہ مندرجہ ذیل دعا پڑھی جائے۔

"يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ"

نظر بد کے ازالہ کیلئے یہ آیت پڑھ کر بچے پر دم کیا جائے یا زعفران سے لکھ کر گلے میں ڈالا جائے۔

مَا اُغۡنِیۡ عَنۡکُمۡ مِّنَ اللّٰہِ مِنۡ شَیۡءٍ ؕ اِنِ الۡحُکۡمُ اِلَّا لِلّٰہِ ؕ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ ۚ وَعَلَیۡہِ فَلۡیَتَوَکَّلِ الۡمُتَوَکِّلُوۡنَ ۔ (پ ۱۳: ع ۲ سورۂ یوسف)

متفرق عملیات وتعویذات

از بیاض محمد شاہ صاحب پھلتیؒ

برائے شناخت مرض اگر مرد ہے تو اس کا رات کا چادر یا کرتہ اور اگر عورت ہے تو اسکا اوڑھنا چادر لے کر پہلے اس کو ناپے۔ اور مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر اس پر دم کردیں۔

۱ سورۂ فاتحہ تین بار

۲ آیۃ الکرسی تین بار

۳ شروع صافات تا لازب ایک بار

۴ سورۂ جن شروع تا شططا ایک بار

۵ تینوں قل (قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ، قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ، قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ) ایک ایک بار۔

۶ قُلۡ لَّاۤ اَمۡلِکُ پوری آیت ایک بار (سورہ اعراف پ۹) تا یُّؤۡمِنُوۡنَ اور دوبارہ ناپے اگر ایک انگل گھٹے یا بڑھے اثر ہمزاد ہے۔ اور اگر دو انگل گھٹے یا بڑھے تو اثر شیطان ہے۔ تین یا چار انگشت گھٹے یا بڑھے تو اثر سحر ہے۔

مکان کیلئے چار کیلوں پر پچیس پچیس بار اِنَّھُمۡ یَکِیۡدُوۡنَ کَیۡدًا وَّ اَکِیۡدُ کَیۡدًا فَمَھِّلِ الۡکٰفِرِیۡنَ اَمۡھِلۡھُمۡ رُوَیۡدًا۔ پڑھ کر دم کرے اور مکان کے چاروں کونوں میں

گاڑ دے۔

۲۔ جس مکان میں آسیب وجن وغیرہ کا اثر ہو۔ اس کے کیلنے کا مجرّب طریقہ یہ ہے۔

چار کیلیں لے کر ہر کیل پر سورۃ شفاء ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ سے صدور تک سات سات بار پڑھ کر دم کرکے مکان کے چاروں کونوں میں گاڑ دیں۔

۳۔ حصار برائے حفاظت بلیات وآسیب وغیرہ

سورۃ فاتحہ ایک بار۔ آیۃ الکرسی تین بار۔ چہل کاف تین بار۔ درود شریف تین بار اخیر میں پڑھ کر روزانہ سوتے وقت اپنے اُوپر دم کریں یا ہاتھوں پر دم کرکے سارے بدن پر مل لیں۔

عمل برائے دفع جن وآسیب و جنون وغیرہ

از حضرت شیخ الاسلام مدنی رح (مولانا حسین احمد مدنی رح)

وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ط

پانی سے بھرے ہوئے گھڑے پر آیت مذکورہ بالا گیارہ[۱۱] بار اور سورۃ فاتحہ اکتالیس[۴۱] بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے آدھی رات کے قریب چڑھائے پر اتوار اور منگل کی رات میں گیارہ بجے کے بعد اور بارہ بجے سے پہلے مریض کو نہلائیں۔ یہ ہی عمل سات بار کیا جائے انشاء اللہ جن، آسیب اور جنون کا اثر زائل ہو جائے گا۔

برائے اثر سحر

یَا اَللّٰهُ یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَبَقَائِهٖ یَا حَیُّ ط

جس پر سحر یا جادو کا اثر ہو۔ تو اس عزیمت کو کسی چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر اکتالیس[۴۱] روز نہار منہ صبح کو پلادیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر اُتر جاوے گا۔ اگر کوئی مریض باہر کا ہو تو اکتالیس[۴۱] نقش لکھ کر بھیج دیں۔

برائے سحر

کاٹ کاٹیرا موبخھ کے بان۔ بھاگ رے جادو تجھے خواجہ معین الدّین چشتی رح کی آن۔

ترکیب: (نوچندی) (چاند کی پہلی) جمعرات کو شب جمعہ میں ایک ہزار بار پڑھے۔ دریا کے کنارے پر ایک سال تک رہے گا۔ مسحور کے اوپر دم کرنا چاہیے۔ بالوں پر چونکہ سحر چلتا ہے اس کی ہر گرہ کھولتے رہیں اور پڑھتے رہیں۔ اگر کوّے کے ذریعہ سحر کیا ہے تو اس پر پڑھے۔ کوّے کے منہ سے خون جاری ہوگا۔ کوّے کو ذبح کرکے دفن کر دیں اور سانپ بچھّو کے کاٹے پر بھی کام دیتا ہے۔ بجائے "بھاگ رے" کے "اُتر رے بچھو" زکات ایک شب میں پوری ہوگی۔

علاج سحر مکمّل

از شیخ الاسلام مدنی رح

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ط اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ

السَّاحِرُ حَیْثُ اَتیٰ ۔

آیت مذکورہ بالا کو گیارہ مرتبہ تازہ پانی پر پھونک کر اس پانی میں سے تین گھونٹ مریض کو پلادیں اور باقی ماندہ سے مریض کو نہلادے ۔ نہلاتے وقت پانی کو سر پر ڈالا جائے ۔ یہ بھی عمل کم از کم گیارہ دن تک کرے ۔

آیت مذکورہ بالا ایک ہزار ایک مرتبہ لاہوری نمک پر جو کہ
٢ پسا ہوا ہو ۔ پڑھ کر دم کریں اور مریض کو کھلانے میں چالیس[٤٠]
دن تک کھلادیں ۔

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِیْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ
٣ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ط آیت بالا مذکورہ کو اکتالیس[٤١] مرتبہ
پانی پر پڑھ کر پھونکے اور مریض کو روزانہ یہی پانی پلادیں ۔ یہ عمل اور پانی ہر روز صبح کو تجدید کر لیا کریں ۔

برائے اُمّ الصبیان و آسیب زدہ


یہ عزیمت اکیس[٢١] بار پڑھ کر ڈھائی مٹھی اڑد

ے کر اُن پر دم کرے اور ایک مٹی کی ہانڈی میں یہ اڑد اور نقش جو لکھا جاتا ہے ڈالے اور سر پوش آٹے سے اچھی طرح بند کر کے ہانڈی چولہے پر رکھ کر آگ جلائے اور مریض سامنے بیٹھا رہے (ہانڈی کو بند کر کے ہانڈی چولہے پر رکھ کر آگ جلائے) ہانڈی کو جب جوش آجائیں تو نیچے اُتار لو ۔ سر دہونے پر جنگل میں زمین میں دفن کرادیں ۔ اگر گھر کا آدمی ہانڈی دفن کرے تو اسی وقت گھر میں نہ آئے ۔ مگر دیر میں آئے ۔ اگر جلدی دن کے دن یہ عمل کرنا چاہے تو اڑد وغیرہ حسب ترکیب مذکورہ ہانڈی میں ڈال کر سات

بار مریض کے سر پر پھیرے اور آٹے سے بند کر کے چولہے پر رکھ کر آگ جلائے ۔ اگر جلدی نہیں تو ہانڈی آدھی کھلی رات کو مریض کے سرہانے رکھے اور اس رات میں فلیتہ بھی جلائے ۔ صبح کو بند کر کے چولہے پر رکھے یہ عمل تین دن یا پانچ دن یا سات دن یا گیارہ دن تک کرے ۔ عزیمت یہ ہے ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اوبچہ قسم دیو بھوت قسم چڑیلیں ڈائن ڈاکنی جن جوگنی حور پری دیو پری سبز پری زرد پری مرگھٹ مسان دیو مسان جھود مسان پکا مسان کچا مسان ۔ نیلا مسان ، پیلا مسان سوکھا مسان ۔ شانی بسانی جادو نادنگر یا زکہہ لاگا لگایا کیا کرایا لپٹا لپٹایا ۔ ہوا اگر ندی نالا باغات وغیرہ سایہ انداختہ مذلت شد باشد بحکم رب الجلیل بحکم پیران محی الدین در سبوچہ گلی یعنی ہانڈی داخل شدہ بسوزد زینہا غیر حاضر حاضر باشد گرفتہ بیارید و ہر قدر آزارے دآزاد بودہ باشد دفع شود بحق العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ علیقا ملیقا طلیقا انت تعلم ما فی قلوبہم بذنبہم واتوب الیہ ۔

نقش یہ ہے



برائے سوختن جنّ

اس نقش کا فتیلہ بنا کر تیسرے روز ایک ایک فتیلہ سرسوں کے دانے نقش میں بھر کر اور روئی لپیٹ کر سرسوں کے تیل میں جلا کر اس کا دھواں آسیب زدہ کے کان، ناک منہ اور تمام بدن میں پہنچاتے اور مریض کے اوپر لحاف ڈھانک دیں اور آٹھ کے ہندسہ کی طرف سے جلانا شروع کریں۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

فرعون قارون ہامان شداد نمرود ابلیس علیہم اللعن و اتباع ایشاں اگر نگریزند سوختہ شوند

برائے آسیب زدہ

اس دعا کو پیپل کے پتہ پر لکھ کر تین روز تک آسیب زدہ کو چٹائے۔ نیز چالیس روز تک کاغذ پر مشک و زعفران سے لکھ کر ایک تعویذ روز مریض کو دھو کر پلائے دُعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَبَقَائِهٖ یَا حَیُّ ط

برائے دفع آسیب و مرض مسان وسحر وغیرہ

یہ نقش دعائے سیفی لکھ کر اور اس نقش میں گیارہ عدد آل پن رکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں مگر نیلا دھاگا ہونا چاہیئے نقش یہ ہے :-

۷۸۶

۱۲۸۶۰۶	۱۲۸۶۰۹	۱۲۸۶۱۲	۱۲۸۵۹۸
۱۲۸۶۱۱	۱۲۸۵۹۹	۱۲۸۶۰۵	۱۲۸۶۱۰
۱۲۸۶۰۰	۱۲۸۶۱۴	۱۲۸۶۰۷	۱۲۸۶۰۴
۱۲۸۶۰۸	۱۲۸۶۰۳	۱۲۸۶۰۱	۱۲۸۶۱۳

جس مکان میں جنّ و آسیب آتا ہو اُس کے کیلنے کا طریقہ

چار کیلیں لے کر ہر ایک پر سورۃ شفار ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ تا صُدُوْر سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے مکان کے چاروں کونوں میں ٹھونک دے۔

برائے جمیع آفات و بلیات

یہ نقش سورۃ جنّ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دے تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۷۸۲۲	۷۸۱۷	۷۸۲۴
۷۸۲۳	۷۸۲۱	۷۸۱۹
۷۸۱۸	۷۸۲۵	۷۸۲۰

برائے آسیب زدہ بے حد مجرّب است

ایں نقش آیۃ الکرسی در گلو بندد یا در بازو مجرب است۔ برائے حب الزوجین بمشک و زعفران نوشتہ (بر بازو بندد)

(نقش اگلے صفحہ پر ہے)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ سَلَامٌ قَوۡلًا مِّن رَّبٍّ الرَّحِیۡمِ

٣٥١٦	٣٥١٩	٣٥٢٢	٣٥٠٩
٣٥٢١	٣٥١٠	٣٥١٥	٣٥٢٠
٣٥١١	٣٥٢٤	٣٥١٧	٣٥١٤
٣٥١٨	٣٥١٣	٣٥١٢	٣٥٢٣

فیہ شفاء للنّاس

الٰہی بحرمتہ ھٰذا النقش فلاں ابن فلاں را از آسیب وبھوت وغیرہ محفوظ دارد ۔

برائے جملہ امراض

ایں نقش سورۃ فاتحہ مفید است بر کاغذ یا تشتری چینی نوشتہ وشستہ بخوراند مجرب است ۔

برائے ہمہ امراض ایں نقش مفید است

٧٨٦

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

صحت شو کل بلا دور شو

برائے ہر مرض

برائے ہر مرض ایں نقش بسم اللہ اور حب الزوجین کے لئے باندھیں اور پینے کیلئے دے اور بخار کے واسطے اگر دے تو اوپر آیت سَلَامٌ قَوۡلًا مِّن رَّبٍّ الرَّحِیۡمِ مع بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ لکھے اور نیچے فیہ شفاء للنّاس

٧٨٦

١٩٦	١٩٩	٢٠٢	١٨٩
٢٠١	١٩٠	١٩٥	٢٠٠
١٩١	٢٠٤	١٩٧	١٩٤
١٩٨	١٩٣	١٩٢	٢٠٣

برائے دفع مسان

جن کے بچے اکثر تلف ہو جاتے ہوں۔ یہ تعویذ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے بارہ سال تک رہے اور اگر اس نقش کو ایام حمل میں حاملہ کو بندھوائے اور بعد ولادت بچے کے گلے میں ڈالا جاوے اور ہمیشہ جمعرات کو شیرینی بچوں کو تقسیم کی جائے ۔

یافتّاح یافتّاح یافتّاح یافتّاح یافتّاح یافتّاح یافتّاح

(٧ مرتبہ) بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ (٧ مرتبہ) بحرمۃ یملیخا مکسلمینا کشفوطط تبیونس کشا فطیونس اور فطیونس یوانس بوس

اسم کلبھم قطمیر از ہر بلا نگہدار۔ اس تعویذ کو سات
پارچہ کاغذ میں یکے بعد دیگرے لپیٹ دے اور بعدہٗ سات پارچہ
کپڑے میں لپیٹ دے۔ بعدہ موم جامہ میں لپیٹ کر چرم میں سلوا کر
گلے میں ڈالے مگر ہر سال کے شروع مہینہ یعنی محرم کی پہلی تاریخ کو ایک
روپیہ اللہ واسطے صدقہ دے بارہ سال تک یہ عمل جاری رہے۔

برائے دفع مسان طفل

ایک کلھیا مٹی کی جدید لے کر اس
میں تین مٹھی اڑد اور تین عدد میخ
آہنی (لوہے کی تین میخیں بھٹی کی بنی ہوئی) ڈال کر اور نقش لکھ کر اس
میں رکھے اور ایک تعویذ بچے کے گلے میں باندھے اور اس کلھیا کو سات
بار بچہ کے اوپر کو اتار کر دفن کر دے تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الحفیظ (۷ سات بار)
الرَّقِیْبُ (سات بار) ا

اللّٰھُمَّ بالواحد الصادق من شر کل طارق بحق
اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ لاحول و لا قوۃ الا باللہ
العَلِیِّ العَظِیْم وَصَلَّی اللہُ تعالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّد
وآلہ واصحابہٖ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین
بحرمت حاجی مُحَمَّد شاکر قدس اللہ سرہٗ مسان
طفل دفع شود

برائے دفع مسان

یہ نقش لکھیں اور سات، سوئی پختہ بلا ناکہ
تعویذ میں لپیٹ کر اور تعویذ تانبہ یا
رانگ کے سوا اور کسی دوسری دھات کا نہ ہو اور سوئی مثل سوزن

خیاط ہوں۔ تیار کریں اور قبل باندھنے تعویذ کے ایک روپیہ کا تیل
مساجد میں پہنچا دیں۔


۱ اِذْ قَالَتِ امْرَاَۃُ عِمْرَانَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا
فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ
۲ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ سُوْرَۃ مُدَّثِّر ۳ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ
یٰاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا ۴ اِلٰھِیْ
بِحُرْمَۃِ سُوْرَۃ یٰسٓ ۵ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ اِذَا الشَّمْسُ
کُوِّرَتْ ۶ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ وَالشَّمْسِ وَضُحٰھَا ۷
اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ وَالضُّحٰی وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی ۸ اِلٰھِیْ
بِحُرْمَۃِ سُوْرَہ اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ ۹ اِلٰھِیْ
بِحُرْمَۃِ قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ الخ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ این آیاتہا
الخ کہ از ہفت قسم مسان و مسانی در وجود فلاں بلا دفع گردد و بحرمت
النبی وآلہ الامجاد بحق یا رب العباد۔

برائے دفع مسان

اس نقش کو آٹے کے دھوون میں دھو
کر گرم توے پر ڈال کر اسکی دھونی والدہ
اور بچہ دونوں کو دیں۔



اس نقش کو دھو کر زن و طفل
دونوں کو پلائیں



فیہ شفاء للناس

نوع دیگر: جس عورت کا حمل گر جاتا ہو

جس عورت کا حمل گر جاتا ہو۔

یہ عمل ڈھائی مہینے سے چار مہینے تک کرنا چاہئے۔

اجوائن: ڈھائی پاؤ پختہ۔ مرچ سیاہ: سوا پاؤ پختہ۔ دونوں کو ملا کر بروز دوشنبہ (پیر) دوپہر کے وقت اکتالیس۴۱ بار سورۃ والشمس پڑھ کر دم کرے اول و آخر درود شریف، تعوذ و تسمیہ ہر بار پڑھنا ضروری ہے خوراک نہار منہ صبح ایک ماشہ اجوائن اور دو آنے (بھر وزن)، مرچ سیاہ بچہ کے دودھ پینے تک عورت برابر کھاتی رہے اس کی نذر ڈھائی روپیہ یا ڈھائی پیسے لے۔

پرہیز مسان

مولی، گاجر، بینگن، دال مسور، چاول دال ماش، دودھ، دہی، کچی مٹھائی پکوان تیل، سب گوشت سوائے بکرے کے، اغیار کے گھر کی کھیر و شیر وغیرہ ستک یعنی زچہ خانہ۔ دھانک یعنی موتا میں نہ جاوے۔

علاج برائے دفع مسان گنڈہ

اکتالیس۴۱ تار نیلے ڈیڑھ گز لمبے لے کر اس پر اکتالیس۴۱ بار سورۃ شفاء پڑھ کر دم کریں اور ۳ ماہ حمل سے قبل عورت کی ناف پر بندھوادیں اور بعد ولادت بچے کے گلے میں ڈلوادیں اور یہ نقش قُلْ ھُوَ اللہ کا لکھ کر عورت کے گلے میں ڈلوادیں مگر سات سوئیاں تعویذ میں بھر کر۔ اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا فَمَھِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًا۔ تک سات بار پڑھ کر تانبے کے تعویذ میں رکھ کر اس پر موم لگادیں اور بعد ولادت دوسرا

یہی نقش لکھ کر بچے کے گلے میں ڈلوادیں معمول مجرب ہے نقش یہ ہے۔

نقش قُلْ ھُوَ اللہُ

۷۸۶

قل	هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد
هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم
الله	احد	الله	الصمد	ولم	يولد	ولم	يولد
احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم
الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن
الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له
لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفوًا
يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفوًا	احد

برائے عقیم

اس دعا کو لکھ کر اپنی بیوی کو دے اور وہ اپنے پاس رکھے تو وہ عورت اسی مہینے میں حاملہ ہوگی اور جو کسی درخت میں باندھ دے تو وہ بھی خوب پھلے پھولے گا وہ دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (۷ مرتبہ) اَللّٰہُ اَللّٰہُ (۷ مرتبہ) حَیٌّ حَیٌّ (۷ مرتبہ) قَیُّوْم قَیُّوْم (۷ مرتبہ) وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

نوع دیگر

یکشنبہ (اتوار) کے روز سورج نکلنے سے پہلے اس دعا کو لکھے اور عورت کے گلے میں جس کا ڈورہ

بالائے ناف رہے۔ باندھے۔ عورت حاملہ ہو۔ اور وقت لکھنے کے بچوں کو شیرینی تقسیم کرے دعا یہ ہے۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ علی علی (۷)، ھو ھو (۷) برحمتک یا ارحم الراحمین۔

برائے پیدا شدن فرزند۔ قبل از صحبت در گلو بندد

مُحَمَّد	محمود	اَحْمَد

برائے زن عقیمہ انار کی چار پھانکیں اس طرح کرے کہ الگ نہ ہوں اور سورۂ یٰسین پڑھنی شروع کرے جب اول مبین پر پہنچے تو دم کرے پھر آگے پڑھے جب دوسرے مبین پر پہنچے پھر دم کرے اسی طرح ساتوں مبین پر دم کر چکے تو سورت ختم کر کے دم کرے اور پاؤ سیر کشمش اور پاؤ سیر چنے کی دال بھنی ہوئی ہفت سلاطین کو ثواب پہنچانے کی غرض سے ننھے ننھے بچوں کو تقسیم کر دے اور بانجھ عورت غسل حیض کے بعد بطریق معروف کھائے اللہ تعالیٰ فرزند عطا فرمائے گا۔

نوع دیگر جس عورت کے ایام بند ہو جاویں تو پاک برتن پر سورۂ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا روشن

حروف میں تین روز متواتر لکھ کر پلائے ان شاء اللہ بہت جلد جاری ہو جائیں گے۔

برائے عقیمہ از مولانا حاجی محمد قلندر جلال آبادی۔ سیاہ مرچوں اور اجوائن پر ستر مرتبہ۔

برائے دردزہ اس دعا کو لکھ کر اوپر ران چپ (بائیں ران) کے باندھے۔ بفضلہ تعالیٰ دردزہ بند دفع ہو گا۔ دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ

نوع دیگر آیت بالا اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ) کا یہ نقش ران چپ پر باندھے۔

۷۸۶

۲۴۴۹	۲۴۵۲	۲۴۵۵	۲۴۴۲
۲۴۵۴	۲۴۴۳	۲۴۴۸	۲۴۵۳
۲۴۴۴	۲۴۵۷	۲۴۵۰	۲۴۴۷
۲۴۵۱	۲۴۴۶	۲۴۴۵	۲۴۵۶

اھیاً اشراھیاً

برائے گریہ اطفال کہ ہیچ نوع صبر نہ کند در گلو بندد این است

وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

۴۹۶	۴۹۱	۴۹۸
۴۹۷	۴۹۵	۴۹۳
۴۹۲	۴۹۹	۴۹۴

برائے گریہ اطفال یہ نقش آیۃ الکرسی کا ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَاعِوَجَ لَهٗ ج وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا

۷۸۶

۱۱۵۹	۱۱۶۲	۱۱۶۵	۱۱۵۱
۱۱۶۴	۱۱۵۲	۱۱۵۸	۱۱۶۳
۱۱۵۳	۱۱۶۷	۱۱۶۰	۱۱۵۷
۱۱۶۱	۱۱۵۶	۱۱۵۴	۱۱۶۶

برائے نظر بد حیوانات

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ الخ آٹے کے پیڑے پر دم کریں اسی طرح دو مرتبہ کریں اور حیوانات کو کھلائیں

نوع دیگر برائے نظر بد حیوانات

یہ آیت کریمہ آٹے پر یا پانی پر تین تین بار پڑھ کر دم کریں اور گیارہ تار سوت پر یہ آیت مع بسم اللہ پڑھ کر اکیس یا گیارہ گرہ لگائیں اور جانور کے گلے میں ڈال دیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَمَا اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ج وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ہ

گنڈہ برائے مویشیان

اکیس ۲۱ تاگے دوہرے لے کر بانٹ لیوے اور اس میں سترہ ۱۷ گرہ دے اور ہر گرہ پر ایک مرتبہ: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ عِلَّةٍ۔

برائے درد سر و درد چشم و آشوب چشم این نقش مجرب ست از حد محترم

(نقش اگلے صفحہ پر ہے)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱ یابدوح	۶۰۲ یابدوح	۱۱ یابدوح	۸ یابدوح
۱۲ یابدوح	۷ یابدوح	۲ یابدوح	۶۰۱ یابدوح
۶ یابدوح	۹ یابدوح	۶۴ یابدوح	۳ یابدوح
۶۰۳ یابدوح	۴ یایدوح	۵ یابدوح	۱۰ یابدوح

فَمَنۡ كَانَ مِنۡكُمۡ مَّرِيۡضًا اَوۡ بِهٖۤ اَذًى مِّنۡ رَّاۡسِهٖ فَفِدۡيَةٌ مِّنۡ صِيَامٍ اَوۡ صَدَقَةٍ اَوۡ نُسُكٍ ۚ

برائے مہمات یَا خَفِیَّ الۡاَلۡطَافِ اَدۡرِکۡنِیۡ بِلُطۡفِکَ الۡخَفِیِّ ۔ پانچ سو مرتبہ بعد نماز عشا ۔ اوّل و آخر درود شریف سَو بار پڑھے۔

(شیخ الاسلام مدنی رح)

برائے وسعت رزق بعد صبح صادق متصل ہی ایک سَو ایک مرتبہ روزانہ اوّل و آخر درود شریف ۔ سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمۡدِهٖ الۡعَظِيۡمِ اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰهَ۔

برائے حُبّ زوجین اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر زوج یا زوجہ کو گیارہ روز کسی صورت سے خواہ ہانڈی میں ڈال دیں یا خواہ آٹے میں گھول دیں خواہ پلا دیں مجرّب است۔

نقش اگلے صفحہ پر ہے

۷۸۶

الٰہی بحرمتہ جبرئیل و میکائیل
اللّٰھم بحرمتہ میکائیل و جبرئیل
الٰہی بحرمتہ اسرافیل و عزرائیل
اللّٰھم بحرمتہ عزرائیل و اسرافیل
و بحرمتہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ
علیہ وسلم و اصحابہ وسلم فلاں ابن فلاں
علی حب فلاں بن فلاں

طریق زکوٰۃ نقش ہٰذا (از حضرت شیخ الاسلام مدنی رح) نوچندی جمعرات سے پندرہ نقش بعد نماز عصر لکھا کریں۔ ہر جمعرات کو آٹھ روز کے لکھے ہوئے نقوش کی گولی جن کے اُوپر آٹا مڑھکر دریا میں ڈال دیا کریں۔ جب چالیس دن ہو جائیں۔ دریا میں ڈالنا اور گولی بنانا بند کر دیں اور ان نقوش کو جملہ ضروریات میں استعمال کریں۔ بعد زکوٰۃ پندرہ نقش روزانہ لکھتے رہیں تاکہ عمل میں رہے۔ اس نقش کی لکیر بائیں سے داہنے کو کھینچنی ہوگی۔ اگر زکوٰۃ کے چالیس دن جمعرات کے دن سے کسی دن پہلے پورے ہو جائیں تو دریا میں اسی روز گولی بنا کر ڈال دیں۔ مخالفت یا ترک حیوانات کا کوئی پرہیز نہیں۔ نوچندی جمعرات سے شروع کریں اور اگلی جمعرات سے دریا میں ڈالنا شروع کر دیں۔

(نقش اگلے صفحہ پر ہے)

۷۸٦

۸	۱	٦
۳	۵	۷
۴	۹	۲

عملِ حُبّ بروز چہار شنبہ بعد نماز عشاء بر دل گوسپند نر یا مادہ بتیس ۳۲ سوئیاں لے کر ہر سوئی پر ایک بار پڑھ کر دل بیندھ دے مع نام اسی طرح بتیس سوئیوں پر دم کر کے چبھو دے آیت یہ ہے

وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ؕ

اور اس دل کو جلا دیا جائے مجرّب ہے۔ مولوی جلال الدین نوا کھالی

برائے ازالۂ مرض تین پیپل کے پتوں پر کھیعص حم عسق لکھ کر تین روز ایک ایک پتہ چاٹ وے انشاء اللہ تعالیٰ مریض شفا پائے۔ تینوں پتوں پر پورا لکھا جاوے کوئی حرف باقی نہ رہے

(عمل حضرت شاہ ولی اللہ محدّث دہلوی ؒ)

برائے ازالۂ مرض غیر اہل اسلام

> اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَالْكُفْرُ بَاطِلٌ
> اَلْاِسْلَامُ نُوْرٌ وَالْكُفْرُ ظُلْمَةٌ

تعویز مجرب برائے دردزہ (از طرف ایک درویش باشرع) اس نقش کو لکھ کر عورت کے داہنے ہاتھ پر رکھ دے اور عورت اس کو غور سے دیکھے

جلد لڑکا پیدا ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ نقش یہ ہے :-

> ج ح خ ط ظ ع ق ق ی ک ل
> م ا ششم ۵۵۵ اسو ک ل و

عمل برائے حفاظت از نظر بد اعمال مجرب از بعض بزرگان دار العلوم دیوبند منقول از حضرت شاہ اسحٰق صاحب رحمۃ اللہ علیہ محدّث دہلوی نواسہ حضرت شاہ عبد العزیز محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ۔

جس شے کا نظر بد سے محفوظ رکھنا منظور ہو تو اس پر یہ پڑھ کر دم کیا جاوے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ حبس حابس شجر یابس شہاب قابس فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ (پ ۲۹ ع ۱)

برائے قضائے حاجات و دفع خطرات سورہ قریش سو مرتبہ بعد نماز عشاء جلسۂ واحد (ایک بیٹھک) میں پڑھا کرے اور اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ کامیاب ہوگا۔

برائے آسانی ولادت اسمائے اصحاب کہف کاغذ پر لکھ کر عورت کی بائیں ران پر باندھ دے اور اسمائے اصحاب کہف سات مرتبہ پڑھ کر گڑ پر دم کر کے دردزہ کی شدّت کے وقت عورت کو کھلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسانی سے بچہ پیدا

ہو گا۔ اسمار اصحاب کہف یہ ہیں۔

الٰھی بحرمت یملیخا مکسلمینا کشفوطط۔

ذر فطیونس تبیونس کشافطیونس یوانس بوس دکلبھم

قطمیر وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيلِ وَمِنْهَا جَائِرٌ ۚ وَلَوْ شَاءَ لَهَدَاكُمْ أَجْمَعِينَ (پ۱۴)

برائے تپ و لرزہ

جس کسی کو تیسرے روز تپ و لرزہ (سردی کا بخار) آتا ہو چاہیئے کہ دو پھائے (پھوئے) دھنی ہوئی روئی کے لے کر ایک پر سات مرتبہ سورۃ فاتحہ اور دوسرے پر چھ مرتبہ سورہ فاتحہ اوّل و آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر مریض کے دونوں کانوں میں بطور عطر کے پھائے کے (جس طرح کان میں عطر کا پھایہ لگایا جاتا ہے اسی طرح کان میں لگا لے) رکھ لے مگر (سردی کے) دورہ کے آثار شروع ہونے سے پہلے رکھے انشاءاللہ تعالیٰ اس روز دورہ نہ آئے گا یا بہت سخت یا بہت کم اور پھر بند ہو جائے گا۔ جس روز بند ہو جائے میٹھی روٹی اللہ کے نام کی کسی بھوکے کو کھلا دے۔

برائے چیچک

دودھ میں گھول کر بچہ کو پلائے اگر بچہ بڑا ہو تو آب زمزم یا پانی میں گھول کر پلا دیا جائے تعویذ کو ایک ہندسے سے لکھنا شروع کیا جاوے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ضرور فائدہ ہوگا۔

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

نقش برائے حفاظت ہیضہ

اس تعویذ کو لکھ کر بازو پر باندھے اور تعویذ باندھنے والا ۵ دمڑی (سوا روپیہ) خیرات کردے تعویذ مکرم معظم یہ ہے۔

الٰہی بحرمت حضرت شیخ محمد صادق اکبرادیبا
ولد حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی رضی
اللہ عنہما از شر بلائی وبا نگہدار اللہ شافی اللہ کافی

تعویذ برائے چیچک

از حضرت مولانا حاجی حافظ سید شاہ محمد عبدالحق صاحب نور اللہ مرقدہ خلف اکبر قطب زماں حضرت شاہ غلام رسول صاحب رسول نما رضی اللہ عنہما بعض بزرگان دین سے عطا ہوا ہے بہت مجرب ہے۔ موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دے اور سات گنڈہ کوڑی (سوا یا پانچ روپیہ) تعویذ لینے والا خیرات کردے وہ نقش مکرم یہ ہے۔

یا حافظ — یا حفیظ



اللہ شافی — اللہ کافی

برائے حُبّ

جس عورت کا شوہر ناراض ہو یا عورت شوہر سے ناراض ہو تو اس آیت کو شیرینی پر پڑھ کر دم کرے اور کھلاوے انشاء اللہ مہربان ہو جاوے۔ مگر واضح رہے کہ ناجائز محل میں ہرگز اس کا اثر نہ ہوگا۔ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ۔ (پ ۲ ع ۴)

دشمن کے خوف سے حفاظت کیلئے

جس کو دشمن سے خوف ہو یا کسی اور طرح کی بلا و مصیبت کا خوف ہو وہ اس کو کثرت سے پڑھا کرے انشاءاللہ تعالیٰ دشواری دور ہو جائے گی:

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ

موذی جانور سے حفاظت کے لئے

اگر راستہ میں کوئی شیر یا کتا یا اور کوئی موذی جانور حملہ کرے اور شور مچائے تو اس آیت کریمہ کو پڑھے انشاءاللہ چُپ ہو جائے گا۔

كَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ

تعویذ برائے حفاظت اطفال

برائے حفاظت اطفال یہ تعویذ بہت مجرّب ہے۔ اس تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچوں کے گلے میں ڈالے۔ اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے حفاظت میں رکھے گا۔ (اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم۔ اعوذ بکلمات اللہ
التامات کلّها من شر ما خلق۔ بِسْمِ اللّٰهِ خیر
الاسماء بسم اللہ ربّ الارض وربّ السّماء بِسْمِ اللّٰهِ
الّذی لا یضر مع اسمه شئ فی الارض ولا فی
السماء وهو السمیع العلیم ٥

ہر مرض، بلا و مصیبت سے بچنے کیلئے

ہر بلا و مصیبت و ہر بیماری سے بچنے کے لئے جو کوئی کسی بلا میں مبتلا ہو یا کسی بلا میں گھرا ہوا دیکھے اور یا اس دعا کو پڑھے کیسی ہی مکروہ خراب بیماری و مرض ہو جیسے کوڑھ، مرگی، دمہ جنون، جذام وغیرہ یا کسی کو گناہ میں مبتلا دیکھے اس کے پڑھنے والا اس مرض اور گناہ سے محفوظ رہے گا حق تعالیٰ اس دُعا کی برکت سے بچا دے گا دعا یہ ہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا ٥

مرگی کا علاج

مرگی والے کے کان کے پاس پڑھے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم المص۔ طسم۔ کھٰیعص۔ یٰسین والقرآن الحکیم۔ حٰم عسق۔ ن والقلم وما یسطرون۔

داڑھ کے درد کا علاج

الٓمّٓصٓ، طٰسٓمّٓ، كٓهٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اُسْكُنْ بِكٓهٰیٰعٓصٓ ذِكْرُ رَحْمَةِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِیَّا اُسْكُنْ بِالَّذِیْ اِنْ یَّشَاْ یُسْكِنِ

الرِّیۡحَ فَیَظۡلَلۡنَ رَوَاکِدَ عَلٰی ظَھۡرِہٖ اسۡکِنۡ بِالَّذِیۡ سَکَنَ لَہٗ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَمَافِی الۡاَرۡضِ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ہ پڑھکر پھونکیں۔

نقش پندرہ برائے مہمات

از حضرت محمد عاشق صاحب پھلتی رح لکڑ دادا محمد شاہ صاحب پھلتی۔ طریقہ زکوٰۃ نقش پندرہ روزانہ چالیس یوم تک قلم انار سے لکھے اور پشت تعویذ کے مطلب لکھے۔ یہ مہمات کیلئے مجرّب ہے۔

دوسرا طریقہ زکوٰۃ یہ ہے کہ پندرہ یوم تک روزانہ گیارہ تعویذ لکھ کر دریا میں ڈالے زکوٰۃ ادا ہو گی نقش یہ ہے۔

٧٨٦

٨	١	٦
٣	٥	٧
٤	٩	٢

برائے حل مطلب

نقل بیاض ولایت علی صاحب پھلتی رح چچا محمد شاہ صاحب پھلتی اس دعا کو لکھ کر سات یوم تک لکھ کر دریا میں ڈالے۔

یَاحَنَّانُ۔ یَامَنَّانُ۔ یَاسُلۡطَانُ۔ یَاغُفۡرَانُ۔ یَابَدِیۡعَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ۔ یَاذَاالۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ بِرَحۡمَتِکَ یَااَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ ہ

خواب میں جواب دیکھنا

خواب میں جو مطلب ہو اسکا جواب دیکھنا۔ اَلَمۡ نَشۡرَحۡ (پوری سورت) ستّرہ بار پڑھے اور اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار۔ باوضو دائیں کروٹ قبلہ رُخ سو جائے انشاء اللہ صحیح جواب ملے گا۔

رجعت سے حفاظت کے لئے

نقش لکھنے سے پہلے یَاحَافِظُ یَاحَفِیۡظُ یَارَقِیۡبُ یَاوَکِیۡلُ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ رجعت نہ ہو گی۔

برائے جاری کرنا خون حیض

برائے جاری کرنے خون حیض ایک تعویذ لکھ کر کھلادے۔ دوسرا گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ حیض جاری ہو گا۔

٧٨٦

الامان	الامان	الامان	الامان
الامان	الامان	الامان	الامان
الامان	الامان	الامان	الامان
الامان	الامان	الامان	الامان

کشف راز زن خفتہ

نابالغ دختر کے کپڑے پر شب دو شنبہ میں جب کہ رات پانچ گھنٹے گذر چکی ہو ان آیتوں کو لکھ کر سوئی ہوئی عورت کے سینہ پر رکھ دیں جو کچھ اُس نے کیا ہو گا۔ سب کچھ بتادے گی جہاں شرعًا جائز ہو وہاں جائز ہے ورنہ حرام ہے آیتیں یہ ہیں۔

وَاِذِ اسۡتَسۡقٰی مُوۡسٰی سے مُفۡسِدِیۡنَ تک۔

نقش حُبّ

اس نقش کو لوچندی اتوار یا جمعرات کو عمل شروع کریں اکتالیس نقش شب کے وقت لکھے اور یَاوَدُوۡدُ الۡوَدُوۡدُ پانچ سو مرتبہ پڑھے اور لوبان کی دھونی تیار رہے۔ گولی بنا کر دریا میں ڈالتا رہے۔ چالیس روز تک کرے۔ (تعویذ آئندہ صفحہ پر)

۱	۹	۱۰
۱۴	۷ یا ودود المحب ۲ ۳ فلاں ابن فلاں ۸	۶
۵	۱۱	۴

عمل تفریق: از قاری عبد الرحمٰن صاحب مرادآبادیؒ بروز اتوار

بعد نماز ظہر قبلہ رو کھڑے ہو کر سورہ لہب اور آیت وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ج اکتالیس اکتالیس بار پڑھ کر بتصور تفریق ہر دو نام اگلی اتوار تک متواتر پڑھیں ان شاء اللہ تعالیٰ تفریق واقع ہوگی۔

عملِ حُبّ: از مولانا حشمت علی صاحبؒ بلند شہری (فاضل دیوبند)

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبِ الْقَلْبَ وَالْبَصَرَ فلاں بن فلاں اِلَی الْخَیْرِ بِحَقِّ حَبَّبْ حَبَّبْ حَبَّبْ یَا بَدُّوْحُ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھیں اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ گیارھویں، بائیسویں، تینتیسویں اور چوالیسویں روز مطلوب کے سامنے جاتے مجرب ہے۔

عملِ حُبّ مجرّب

عروج ماہ سے شروع کریں اور روزانہ بعد نماز عشاء سورہ قریش (لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ) پوری دو ہزار بار معہ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر

معہ تصور مطلوب وہی چہار اسماء عطر، حنا خالص پر دم کر دیا کریں۔ چالیس روز تک روزانہ یہی عمل کریں۔ عمل میں آجاتے گہ اثنائے عمل میں پیاز، لہسن، اور گوشت سے پرہیز کریں۔ زمان و مکان و وقت مقررہ ہو اور پڑھنے کی جگہ بھی وہی ہو م کی پابندی کریں اور عمل پڑھنے کے کپڑے علیحدہ رکھیں، معطر عطر بعد تکمیل چلّہ اس عطر کو کسی نوعیت سے مطلوب کو سنگھا دیں۔ مطلوب پیچھے پیچھے پھرے گا۔ ان شاء اللہ بعدہ جب ضرورت ہو دو ہزار بار سورۂ مذکورہ معہ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر عطر پر دم کر دیا کریں۔ مجرّب و بسیار و قابلِ تعریف ہے۔ صرف جائز امور میں کرنے کی اجازت ہے ناجائز کام کے لئے کرے گا تو نقصان ہوگا۔

نقش برائے حُبّ و مہربانی حاکم

نقش سورہ الم نشرح عروج ماہ میں ساعت سعید دیکھ کر لکھے اور موم جامہ کرکے داہنے بازو پر باندھے یا گلے میں باندھے۔ بادشاہ و حاکم ظالم مہربان ہو اور درندہ مقابلہ سے بھاگ جاوے ان شاء اللہ تعالیٰ یہ نقش رجب کی چار تاریخ کو لکھا جاوے۔ جس قدر چاہیں لکھ لیں۔

۷۸۶

۳۰۷۴	۳۰۸۸	۳۰۸۵	۳۰۸۱
۳۰۸۶	۳۰۸۰	۳۰۷۵	۳۰۸۷
۳۰۷۹	۳۰۸۳	۳۰۹۰	۳۰۷۶
۳۰۸۹	۳۰۷۷	۳۰۷۸	۳۰۸۴

برائے حُبّ
اس نقش کو پیر یا جمعہ کے روز لکھ کر مطلوب
